# تعارف

علامہ علاؤالدین صدیقی ایم اے چیئرمین اسلامی مشاورتی کونسل پاکستان

○

عزیزم سیّد شبیر احمد سعدی سنگروری دینی ادب کو عوام تک آسان اور سُلجھے ہُوئے انداز میں پیش کرنے میں ایک خاص حیثیت حاصل کر چکے ہیں "دس پیغمبر" کے عنوان سے انبیاءؑ علیہم السلام کی سیرت پر کتاب پہلے لکھ چُکے ہیں اب "دس ولی" کے عنوان سے اکابر اولیاء کرام سے تعارف کرا رہے ہیں اولیاء کرام کے حالات زندگی کے علاوہ معارف تصوّف پر بھی روشنی ڈالی ہے، اللہ تعالےٰ سعدی صاحب کی محنت قبُول فرمائے اُمید ہے کہ اہلِ ذوق کے لیے یہ کتاب مُفید رہے گی۔

والسلام

احقر العباد علاؤالدین صدیقی عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

جناب ڈاکٹر برہان احمد فاروقی ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی، وائس پرنسپل ایم۔اے۔او کالج۔ لاہور

جناب سعدی کی تالیف "دس ولی" پیش نظر ہے۔ مذہبی زندگی کے کمال کی مثالیں اولیائے کرام ہی کے نفوس قدسیہ میں ملتی ہیں اور فضائل حیات کے واقعہ بننے اور قابل عمل ہونے کا دعویٰ انہی اکابر کو دیکھ کر باور آتا ہے۔ شخصیت کی نشوونما میں جتنا دخل شخصیات کے اثر و نفوذ کو ہے۔ اور کسی چیز کو نہیں۔ افکار و خیالات عقائد اور احکام سیرت کو اتنا متاثر نہیں کر سکتے جتنا اعلیٰ فضائل اور عمدہ سیرت کی حامل شخصیت متاثر کرتی ہے۔ اولیاء کرام کے حالات کا مطالعہ بھی پسندیدہ سیرت پیدا کرنے میں موثر ہے۔ سیرت نگار اور قارئین دونوں عنداللہ ماجور ہوتے ہیں۔ اللہ پاک ان اکابر کے کمالات سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ الحمدللہ اولاً و آخراً۔

برہان احمد فاروقی

۶ر جنوری ۱۹۶۵ء

# دیباچہ

**سرِ دلبراں** وہ ملت جس کا خُدا ایک، کتاب ایک، خدُا کا آخری رسُول ایک، پھر محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ماننے والوں کا شروع سے آخر تک نام بھی ایک یعنی مُسلمان اولیاء اللہ کی تمام تر کوششوں کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ یہ ملت واحدہ یعنی مسلمان آپس کے لڑائی جھگڑے ختم کر کے ایک ہو جائیں۔ سیاست اور حکومت کے خرخشوں میں اُلجھنے کی بجائے ان سے علیحدہ ہو کر سب مل کے اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لیں۔

اولیائے کرام نے جہاں ایک طرف مُسلمانوں کے بگڑے ہوُتے احوال کی اصلاح کی اور توجہ دی وہاں دُوسری طرف اپنے حُسن عمل اور جاذبِ نظر کردار سے لاکھوں انسانوں کو اسلام کے دائرے میں داخل کیا۔

اِس کتاب میں بزرگانِ دین کے خوارقِ عادات و کرامات کی بجائے ان کوششوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن کے نتیجے میں خلقِ خدُا نے اِن کے ہاتھ پر اسلام قبُول کیا۔

کوششوں کے سلسلے میں بُزرگانِ دین کی سیرت کے اِن پہلوؤں پہ روشنی ڈالی گئی ہے۔ جن کے سبب اِن کی کوششیں بارآور ہوُتیں۔

بزرگانِ دین کے سوانح مستند تاریخوں اور تذکروں سے واقعات وحقائق کی روشنی میں لیے گئے ہیں۔ اختلافی مسائل کو ہوا دینے کی بجائے وحدتِ ملی پر زور دیا گیا ہے۔

**حدیثِ دیگراں** تفرقہ کے اسباب۔ اگرچہ عقائد و اعمال کے اعتبار سے

Marfat.com

بعض بعض صحابہ کا بھی آپس میں اختلاف رہا ہے۔ لیکن وہ اس بنیاد پر ایک دُوسرے سے علیحدہ نہیں ہوئے اور نہ انھوں نے ایسا کوئی نام یا مکتبہ فکر ہی اختیار کیا جس سے ان کی آرا کا باہمی تضاد ظاہر ہو۔ یا ان کے باہمی فروعی اختلافات اُبھر سکیں۔

تمام حضرات ایک ہی نام "مُسلمان" سے پکارے جاتے اور آپس میں ایک دُوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لیا کرتے تھے لیکن جب اختلاف کی بات اعمال و عقائد سے چل کر حکومت اور سیاست کے مخصوص تک آگئی تب اس وقت مسلمانوں کی اجتماعی قوت میں ضعف آنا شروع ہوگیا اور وحدت بِلی پارہ پارہ ہونے لگی۔

## پہلا فرقہ

۲۷ ہجری میں جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جناب معاویہ سے صُلح کر لی اور حکم کا فیصلہ مان لیا تو ان کے ساتھیوں میں سے کئی ہزار آدمی ان سے الگ ہوگئے ان کا نعرہ تھا لاطاعۃ غیراللہ یعنی مذہب کے حق و باطل کا فیصلہ ثالث اور حکم کی رائے پر نہیں ہو سکتا چنانچہ مسلمانوں میں یہ وہ پہلا فرقہ ہے جو خالصتہً سیاسی وجوہ پر قائم ہوا۔

تاریخ اسلام میں مسلمانوں کے اس سب سے پہلے گروہ کو جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی رفاقت میں داخل ہو کر پھر ان کے حلقے سے نکل گیا خوارج کہتے ہیں۔

بعض لوگ اس فرقے کو معتزلہ بھی کہتے ہیں۔ لیکن یہ صحیح نہیں۔ بعض لوگوں نے چند ایک صحابیوں کے نام گنائے ہیں اور لکھا ہے کہ انھوں نے چونکہ اپنے آپ کو حضرت علی کی قیادت یا امامت سے خارج کر لیا اس لیے انھیں حضرت علی کے سونپے ہوئے عہدوں سے معزول کیے جانے کے سبب معتزلہ کہتے ہیں۔ لیکن واقعتہً بات یہ بھی درست نہیں۔

دراصل معتزلہ کا گروہ خارجیوں کے بعد مسلمانوں کا دُوسرا فرقہ ہے جو حضرت خواجہ حسن بصری کے زمانے میں قائم ہوا۔ ہرچند اس تحریک کے محرکات بھی سیاسی ہیں۔

Marfat.com

تاہم ان کے مذہب کی "بنیاد عقلیت" پر ہے یعنی معتزلیوں کے عقائد میں فلسفیانہ خیالات اور عقلی استدلال پیدا ہو۔

مسلمانوں میں رائے کے اختلاف کے سبب الگ الگ فرقے اور ان کے جدا جدا نام قائم ہونے کی ابتدا، خوارج ہی سے ہوئی۔ اس سے پہلے اسلام میں کوئی فرقہ نہ تھا۔ بیان میں آیا ہے کہ باعتبار عقیدہ خارجیوں کے نزدیک گناہِ کبیرہ کا مرتکب کافر ہے۔ جو لوگ ان کے ہم خیال نہیں تھے وہ ان کے نزدیک دائرۂ اسلام سے خارج تھے۔ بعد کو اس "ہم خیالی" کے تنگ نظریئے اور "متشدد" جذبے نے کچھ ایسا زور پکڑا کہ ہر فریق اپنے مخالف گروہ کو باطل کا پیرو سمجھنے لگا، اور خود کو حق بجانب۔

اختلاف رائے میں تحمل اور بردباری کو راہ نہ دینے کا نتیجہ بالآخر یہ نکلا کہ بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہو گیا۔ اس حقیقت کا جواز پیدا کرنے کے لیے کہ مسلمان کا مسلمان پر خون بہانا حرام ہے، ایک دوسرے کو پہلے ہی مرحلے پر کافر، زندیق اور ملحد بنا دیا گیا۔

۶۰ھ کا خونیں معرکہ "کرب و بلا" کسے معلوم نہیں یہ اختلاف رائے پر جنگ و جدل اور قتل و غارتگری کی انتہا ہے اور یہ معاملہ صرف یہیں پہ آکر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس کے بعد بھی مسلمانوں میں برابر تلوار چلتی رہی۔

وہ دین جس نے عالمگیر برادری، بھائی چارگی اور آپس میں برابری کا علم بلند کیا تھا۔ بنت نئی گروہ بندیوں اور فرقہ سازیوں سے اس کے اصول سہ گانہ یعنی حریت، اخوت اور مساوات کا پرچم خود مسلمانوں ہی کے ہاتھوں سے سرنگوں ہونے لگا۔

ایسے عالم میں تسلیم و رضا کی خوگر، صبر و استقامت کی پیکر اور کاشانۂ رسالت میں حاضر ہونے والی وہ آنکھیں اسلام کے لیے فرشِ راہ ہو گئیں جو محمد رسول اللہ کے دین کو سرخرو اور سربلند دیکھنا چاہتی تھیں۔

یہ نکتہ بیں، نظر آفریں، اور حیات پرور آنکھیں اُمت کے ان پاک اور نیک لوگوں

کی آنکھیں تھیں جن کے دل و دماغ اور ہاتھ پیر کبھی خُدا کے حکموں کے خلاف نہیں چلے اور نہ اُنھوں نے کسی مفاد و جلبِ منفعت کے لیے کبھی کوئی غلط راستہ اختیار کیا۔

## اولیا اللہ کی مساعی

ان بزرگوں کو جناب محمد رسُول اللہ کے طریقہ پیغام رسانی کا علم تھا وہ بات پہنچانی جانتے تھے اور انھیں حق بات کہنے کا سلیقہ آتا تھا۔ چنانچہ جذبہ ایمان سے سرشار ہو کر ان بزرگوں نے کسی امتیاز و تخصیص کو جائز نہ سمجھتے ہُوئے مُسلمانوں کو آئے دن کی تفریق و انتشار سے بچانے کی مقدور بھر کوشش کی دین اسلام کی خدمت کرنے والے یہ پاک نفوس جو مجلسِ نبوی کے تربیت یافتہ تھے جن کو بارگاہِ نبوّت سے علم و عمل کی سعادتیں میسر آئیں۔ پہلے دور میں صحابی کہلاتے ۔ دُوسرے دور میں جن بزرگوں نے صحابیوں سے استفادہ کیا وہ تابعی کہلائے پھر تیسرے دور میں تابعین سے جن بزرگوں کو علم نصیب ہُوا انھیں تبع تابعین کہا گیا۔ ان ادوار کے بعد اب اسلامی زندگی کا وہ حصہ شروع ہوتا ہے جس کو سیرت اولیاء کہتے ہیں۔

یعنی جن علمائے اسلام و بزرگانِ دین نے تابعین سے اکتساب کیا اور ان سے فیض یاب ہُوئے۔ انھیں اولیاء اللہ یعنی اللہ کے دوست کہا جاتا ہے۔ زیرِنظر کتاب میں انہی اللہ کے دوستوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کی شبانہ روز کوششوں قول و فعل کی تطبیق اور علم و عمل کی تطہیر اور بے لوث کاوشوں سے چمنِ محمدیؐ پھولا پھلا اور سرسبز و شاداب ہُوا۔

عام طور پر جب ہم اولیائے کرام کا ذکر کرتے ہیں تو اس میں زیادہ تر ان کے خوارقِ عادات اور کرامات پر زور دیتے ہیں۔

اسی طرح سے جب ہم اولیائے کرام کے زہد و عبادت کو بیان کرتے ہیں تو اس سے ترکِ علائق دنیوی مُراد لیتے ہیں۔

بلاشبہ اولیائے کرام صاحب کرامت تھے مگر ان میں سب سے بڑی کرامت یہ تھی کہ وہ

Marfat.com

صاحب علم و عمل تھے۔ تقوے اور طہارت کی سعادت انھیں حاصل تھی احکام شرعی کی بجا آوری انھیں جان سے پیاری تھی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کے نزدیک شریعت کی حدود سے تجاوز کرنا کفر تھا۔ اور خدا کی محبت میں مرمٹنا عین اسلام۔ چنانچہ یہی وہ کرامت ہے جس نے ان کی ذات کو بابرکت بنا دیا اور ان میں بلا کی جاذبیت اور غضب کی دلکشی و کشش پیدا کی کہ لوگ دور دور سے ان کے پاس آپ سے آپ کھنچے چلے آتے اور فیض پاتے۔ ان بزرگوں کی زبان میں ایک اثر تھا وہ منہ سے جو کہتے ہو جاتا۔ ان کے ہاتھ کے اوپر اللہ کا ہاتھ تھا۔ جس کام میں ہاتھ ڈالتے اسے پایۂ تکمیل کو پہنچا دیتے غرض جو بات کہتے اسے ادھورا نہ رکھتے۔ مختصراً یہ کہ اولیائے کرام کی ذات بابرکت اس شعر کی جیتی جاگتی تفسیر ہے۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبد اللہ بود

بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے جو بندے اسے دل سے چاہتے ہیں اللہ ان کو چاہتا ہے۔ جو اللہ کے ہو جاتے ہیں۔ اللہ ان کا ہو جاتا ہے۔ جو اسے یاد کرتے ہیں اللہ انھیں یاد رکھتا ہے۔

یہ بات اللہ کے دوست جانتے ہیں کہ اس کی رحمت بے حساب ہے اس کی بخشش کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں۔ اس کی بارگاہ سے جو مانگو سو ملتا ہے۔ لیکن ملتا اسی کو ہے، اس کی رحمت سے فیض وہی پاتے ہیں جو اس کے احکام پر چلتے۔ نیک کام کرتے اور اس سے ڈرتے رہتے ہیں۔

اولیائے کرام نے دنیا کو دین پر کبھی ترجیح دی ہے نہ دنیا سے ترک تعلق کیا ہے جو بزرگان دین کثرت سے عبادت و ریاضت کرتے ہیں ہر وقت خدا کا ذکر کرتے اور اس کی بارگاہ میں جھکے رہتے ہیں۔ یہی وہ پاک نفوس ہیں جنھیں اللہ کی محبت میں فنا ہو کر بقا ملی۔ مگر جن لوگوں نے اولیاء کرام کو سطحی نگاہ سے دیکھا وہ یہ سمجھ بیٹھے کہ دنیا سے

Marfat.com

ترکِ تعلق ولایت کی پہلی شرط ہے چنانچہ ایسے لوگوں نے گویا رہبانیت کو اختیار کر لیا جس سے ان کی تمام ریاضت و عبادت بے نتیجہ رہتی ہے۔

جو لوگ اولیائے کرام کی حیات مبارکہ میں ان کے خوارق عادات و کرامات کو تلاش کرتے ہیں اور انہی کو اولیائے کرام کی ولایت کی دلیل سمجھتے ہیں وہ سخت دھوکے میں ہیں۔ اِن کی نگاہوں سے اولیائے کرام کی سیرت کے وہ پہلو اوجھل ہو جاتے ہیں۔ جن کے باعث اِسلام پھیلانے میں انھیں اکثر نامساعد حالات میں کامیابی ہوئی ہے حقیقت میں یہی اولیائے کرام کی سب سے بڑی ہزار کرامتوں کی ایک کرامت ہے۔

جناب شیخ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک کرامت وہ ایمان ہے جس سے یقین اُبھرے دُوسری کرامت وہ عمل ہے جو بار آور ہو۔ جسے یہ دونوں کرامتیں نصیب ہوئیں اگر پھر وہ کسی اور کرامت کا طالب ہوا۔ وہ شخص یا تو فریب خوردہ اور جھوٹا ہے یا علم و عمل میں غلط کار ہے۔

شیخ ابوسعیدؒ ابوالخیر مہنوی کہ آپ کی ذات حلقہ صوفیہ میں سر آمد روزگار تھی۔ کسی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں شخص پانی پر چلتا ہے۔ آپ نے فرمایا کوئی بڑی بات نہیں۔ جل مُرغ اور سیس مولا وغیرہ بھی پانی پر چلتے ہیں۔ کسی نے کہا فلاں ہوا میں اُڑتا ہے آپ نے فرمایا، تو کیا ہوا مکھی اور کوا بھی اُڑتا ہے، کسی نے کہا فلاں شخص ایک لمحہ میں ایک شہر سے دُوسرے شہر میں پہنچ جاتا ہے، آپ نے فرمایا شیطان بھی ایک لمحہ میں مشرق سے مغرب تک پہنچ جاتا ہے۔

آپ نے فرمایا ان باتوں کی کوئی وقعت نہیں بلکہ قدر و قیمت کی بات یہ ہے کہ کوئی شخص دُنیا اور دُنیا کے لوگوں سے لین دین، میل جول اور تعلقات بھی رکھے اور اس کے ساتھ خُدا کی یاد سے غافل بھی نہ ہو۔

سیّد بشیر احمد سعدی ستگوری

ہی کی غرض سے ایسا کرتے ہیں اور خواجہ حسن بصری جو کچھ فرماتے ہیں وہ بھی اجر و ثواب ہی کی نیت رکھتے ہیں۔

**ثابت البنانی** خواجہ صاحب کے شاگردوں کی تعداد یوں تو بے شمار ہے لیکن ان میں سب سے زیادہ عالم و محدث جو مشہور ہوئے ہیں وہ جناب ثابت البنانی تھے ابن سعد نے لکھا ہے کہ علامہ سیرین اختلاف کی رو میں بہہ کر اکثر جناب خواجہ پر شدید چوٹیں کیا کرتے جناب ثابت البنانی سمجھتے تھے کہ جناب خواجہ کے دل پر علامہ محمد سیرین کے اس طرز عمل کا ضرور ایک گہرا اثر ہوگا۔

کہتے ہیں جس زمانے میں حجاج ثقفی اللہ والوں کے درپے آزار تھا اور مسلمانوں کی چیدہ چیدہ ممتاز شخصیتوں کی پکڑ دھکڑ ہو رہی تھی۔ جناب خواجہ لوگوں کے کہنے پر چند روز کے لیے کسی گوشہ تنہائی میں چھپ کے بیٹھ گئے اسی دوران میں جناب خواجہ کی صاحبزادی کا انتقال ہوگیا۔ ثابت البنانی نے اس حادثہ کی آپ کو آکر خبر سنائی۔ ثابت البنانی۔ بصرے کے سب سے زیادہ عبادت گزار انسان تھے۔ کوئی مسجد ایسی نہیں تھی کہ جس کے سامنے سے گزرے ہوں اور اس میں دوگانہ ادا کیے بغیر چلے جائیں۔ پچاس برس میں کبھی تہجد کی نماز قضا نہیں کی۔ ثابت خیال کرتے تھے کہ بچی کے جنازہ کی نماز پڑھانے کا مجھ ہی کو حکم دیا جائے گا۔ لیکن جب جناب خواجہ نے بچی کے کفن دفن کی تمام ہدایات دے کر آخر میں فرمایا کہ جب جنازے کو گھر سے باہر نکال کے لے آؤ تب محمد ابن سیرین سے کہنا کہ نماز آپ ہی پڑھائیں۔ ثابت البنانی کہتے ہیں کہ یہ جملہ سن کر میری حیرت کی انتہا نہ رہی میں نے دیکھا کہ باوجود عقیدے کے شدید اختلاف کے خواجہ صاحب کے دل میں کوئی میل نہیں۔

بھلا ایسی شخصیت کو جس کا طرز عمل اتنا پرکشش اور جاذب نظر ہو مخالفین اپنے عقائد اور نظریات کا موید یا امام ثابت کرنے کی کوشش میں کب کامیاب ہو سکتے تھے جن لوگوں نے جناب خواجہ کی ذات گرامی کو معتزلیوں سے وابستہ خیال کیا ہے ان کی نظر میں درحقیقت وہ حقائق

Marfat.com

نہیں جن سے جناب خواجہ کی معتزلہ کے گروہ سے قطعی علیحدگی کی پر زور تائید ملتی ہے۔

**فرقہ جبریہ** جبریوں کے مذہب کی بنیاد جیسا کہ پچھلے صفحات میں بیان ہو چکا ہے اس عقیدے پہ تھی کہ انسان مجبور محض ہے۔ بظاہر اس سے جو افعال منسوب کیے جاتے ہیں، بباطن ان سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔ اس لیے کہ انسان میں ارادے کی قوت ہے نہ اختیار کی اور نہ اس کے علاوہ کوئی اور قدرت اس میں ہے اسی طرح جبریوں کے نزدیک جزا و سزا کا تصور بھی جبر میں داخل ہے۔ جبری اپنے عقیدے کے زور کو قائم رکھنے کی اس طرح کی دلیلیں پیش کرتے ہیں کہ جیسے کوئی مر جائے تو اس کے بارے میں کہتے ہیں فلاں شخص مر گیا۔ حالانکہ اسے خدا نے مارا ہے یا جیسے یہ کہیں کہ فلاں پیدا ہوا۔ یا فلاں عمارت کھڑی ہو گئی حالانکہ اسے خدا نے پیدا کیا اور عمارت خدا ہی نے کھڑی کی ہے۔ حقیقت میں یہ قاعدہ ہے کہ جب کوئی عقیدہ فرقہ کی صورت میں زور پکڑ جائے پھر اگر اس کے بانی کی تلاش کی جائے تو وہ نہیں ملے گا کیونکہ بعد میں کسی فرقے کا نقطہ آغاز معلوم کرنا بہت ہی دشوار ہو جاتا ہے۔ اس سے متعلق زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ فلاں زمانے میں ایک مذہب یا جماعت کی صورت اختیار کر گیا۔ پس اسی معروضہ کے پیش نظر جبر کی تاریخ بیان کرنا تو مشکل ہے ہاں جبریوں کے بارے میں البتہ یہ قطعی طور پہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کا عقیدہ امویوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور وہ ان کے زمانے میں بہت پھولا، پھیلا۔

خواجہ حسن بصری نے جبریوں کے عقائد کو باطل کرنے اور ان کو سختی سے دبانے کی پوری کوشش کی ہے چنانچہ احمد بن یحییٰ بن مرتضیٰ یمنی متوفی ۸۴۰ ہجری نے اپنی کتاب الملتبہ والامل میں جناب خواجہ کا ایک خط نقل کیا ہے جسے آپ نے بصرہ کے رہنے والوں کے نام لکھا تھا۔ آپ فرماتے ہیں۔

"جو شخص خدا اور اس کے قضا و قدر پر ایمان نہیں رکھتا وہ کافر ہے جو اپنے گناہوں کا بوجھ خدا پر ڈال دے۔ وہ بھی کافر ہے۔ خدا کی اطاعت مجبوری سے نہیں کی جاتی اور نہ کسی سے مغلوب ہو کر اس کی نافرمانی کی جاتی ہے اس لیے کہ مالک حقیقی نے مالک بنا دیا ہے اور جو قدرت انسان میں

Marfat.com

پائی جاتی ہے۔ وہ اسی کی ودیعت کی ہوئی ہے۔ اگر وہ نیک اعمال انجام دیں تو ان کے افعال میں مداخلت نہیں کرتا۔ اور اگر معصیت کا ارتکاب کریں تو وہ ان کے افعال میں مخل نہیں ہوتا اگر اس کی مشیت کا تقاضا ہو جب وہ کچھ نہیں کرتے۔ تو اس کے یہ معنی نہیں کہ خدا نے انہیں چھوڑ دیا ہے اگر خدا مخلوقات کو اطاعت پر مجبور کر دیتا تو ثواب کو ساقط کر دیا ہوتا۔ اور اگر جبراً گناہوں پر مجبور کرتا تو سزا کو موقوف کر دیتا۔ اور اگر بے فائدہ چھوڑ دیتا تو اس کی عدم قدرت کی دلیل ہوتی بلکہ مخلوقات کے بارے میں اس کی خاص حیثیت ہے جسے اس نے ان سے پوشیدہ رکھا ہوا ہے۔ اگر وہ نیک کام کریں تو یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے اور اگر وہ معصیت کا شیوہ اختیار کریں تو اس کی حجت ان پر تمام ہو جاتی ہے۔"

بعض لوگ یوں کہتے ہیں کہ عقیدۂ جبر کی ابتدا تو جناب محمد رسول اللہ ہی کے زمانے سے ہوئی ہے لیکن اسے ایک مکمل مسلک یا مذہب کی حیثیت امویوں کے زمانے میں حاصل ہوئی۔ بعضوں کا خیال یہ ہے کہ جبر کا عقیدہ خالص یہودی ذہن کی پیداوار ہے۔ بصرے میں اوّل اوّل جس شخص نے اس عقیدے کو پھیلایا وہ جہم بن صفوان تھا اور جہم نے اسے یہودیوں اور پارسیوں سے لیا تھا۔ اس لیے بنا بریں یہ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ عقیدہ جبر عربوں کی افتاد طبع کا نتیجہ نہیں۔

ہمارے اس بیان پر بلاذری کی فتوح البلدان سے مکمل شہادت مل سکتی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ اصل میں جبر کے عقیدے کا خود جہم بھی حقیقی بانی مبانی نہیں بلکہ اس نے اسے "دو الا سواریوں" سے لیا ہے جس کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے کہ شہنشاہ ایران کی فوجوں کا جرنیل یا سپہ سالار سیاہ نام ایک شخص تھا جو عوام میں سیاہ الاسواری کے نام سے مشہور تھا یزدجرد جب مدائن سے بھاگ کر اصفہان پہنچا تو اس نے اپنی بکھری ہوئی فوج کو اکٹھا کرنے کے لیے سیاہ اسواری کو بلایا اور اسے تین سو چیدہ سوار دے کر اصطخر کی حفاظت کے لیے روانہ کر دیا ابھی سیاہ اسواری اصطخر پہنچا ہی تھا کہ اتنے میں یزدگرد بھی اصطخر پہنچ گیا۔ اب یہاں سے اس نے سیاہ الاسواری کو جناب

موسٰی اشعری کے مقابلہ میں سوس بھیج دیا۔ اسواری کے لوگ ابھی موسٰی کے مقابلے میں پڑے ہوئے تھے کہ انہیں یزدگرد کے شکست کھانے اور بھاگ جانے کی اطلاع ملی اب اسواریوں نے طے کیا کہ ابوموسٰی سے صلح کر لیں چنانچہ صلح ہو گئی۔

اس دوران میں یزدگرد کے اور بہت سے آدمی اصفہان سے چل کر سیاہ الاسوار سے آ ملے۔ ان لوگوں نے آ کر یہ تجویز پیش کی کہ مسلمانوں سے مقابلہ کرنے میں ہمارا جو حشر ہوا ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ ہم جو بات سنتے آ رہے تھے کہ اصطخر کے ایوان میں مسلمانوں کے گھوڑے لید کرینگے وہ بھی سب نے دیکھ لیا ہے۔ اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہمارا بادشاہ بھی ہمارے پاس نہیں رہا جانے کہاں فرار ہو گیا۔ اب ان حالات میں اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں کہ ہم اپنی جان بچانے کے لیے مسلمان بن جائیں اور اسلام قبول کر لیں۔

یہ بات اسواریوں کو معقول دکھائی دی چنانچہ وہ سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ اسواریوں کا یہ گروہ ایران کو چھوڑ کر پھر ہمیشہ کے لیے بصرے میں آباد ہو گیا جن کے نام سے بصرے میں ایک خاص محلہ بھی قائم ہوا۔ اس کے علاوہ ان لوگوں نے اپنے لیے ایک خاص نہر بھی کھود دی تھی جس کا نام نہر الاساورہ تھا۔ کہتے ہیں انہی لوگوں میں ایک شخص ابویونس الاسواری بھی تھا۔ جس کا اسلام قبول کرنے سے پہلے نام سیسویہ یا سوسن تھا وہ خیالات جن کو بصرے میں پھیلانے کا پہلا گنہگار معبد جہنی تھا۔ وہ دراصل اسواریوں ہی کی افتاد طبع کا نتیجہ ہیں۔

جبری ہوں کہ قدری مختصراً یوں سمجھیے۔ کہ وصال نبوی کے بعد عراق، ایران و شام و دیگر ممالک کے جو لوگ مسلمان ہوئے وہ مسلمان ہونے کو تو مسلمان ہو گئے لیکن وہ اپنے ان قدیم نظریات سے دست بردار نہ ہو سکے جو نومسلموں کے ہاں متوارث تھے چنانچہ ان لوگوں میں اکثریت انہی کی تھی جنہوں نے اسلام قبول کرنے کے باوجود قدیم عقائد کو ترک نہیں کیا اور صرف ترک ہی نہیں کیا بلکہ اسلام کو بھی انہی عقائد کی روشنی میں دیکھا۔ یہی سبب ہے کہ صحبت نبوی سے محروم رہنے کے سبب یہ لوگ اسلام میں طرح طرح کے فرقوں اور گروہوں کے بانی مبانی ہوئے۔

Marfat.com

خواجہ حسن بصری نے قدریہ اور جبریہ دونوں فرقوں کے ابطال کی کوشش فرمائی۔ آپ نے سُنت والجماعت کا یہ عقیدہ پیش کیا کہ انسان مجبورِ محض ہے نہ مختارِ کل بلکہ اس کے بین بین ہے آپ نے اس عقیدے کا اتنی شدّ و مد کے ساتھ اظہار کیا کہ حجاج ایسے ظالم حاکم کو اپنی حکومت کے بچانے کی فکر پڑ گئی۔ یہی سبب ہے کہ اس نے جبریوں کے مخالفوں کو چن چن کے قتل کیا غالباً جناب خواجہ کے قتل کا ارادہ بھی ہو گا کہ آپ روپوش ہو گئے۔ مگر خواجہ سے یہ عزلت گزینی کچھ زیادہ نبھ نہیں سکی کہ گوشہ تنہائی سے نکل آئے۔ سان کی گفتگو ہوئی آخر میں اس نے چھوڑ دیا۔

تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ حضرت سعید بن جبیر تابعی کو جب حجاج نے انتہائی بے دردی کے ساتھ شہید کیا ہے تو اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد وہ ایک خاص قسم کے جنون میں گرفتار ہو گیا۔ سوتا تھا تو خواب میں بھی اسے جناب سعید ہی نظر آتے اور کہتے کہ او ظالم تو نے کس جرم میں قتل کیا ہے؟ آنکھ کھلتی تو اس وقت بھی جناب سعید کو اپنے سامنے کھڑا پاتا۔

اسی دوران میں حجاج کے پیٹ میں سرطانی پھوڑا نکل آیا جس کا زہر دن بدن جسم میں بڑھتا ہی چلا جاتا تھا۔ پھر اسی مرض کے سبب وہ ایک اور بیماری میں مبتلا ہو گیا جس کا نام زمہریرہ ہے اس بیماری میں اس کو ایسی سردی محسوس ہوتی کہ دہکتے انگاروں کی ہزار انگیٹھیاں بھی اس کے بدن کے قریب لائی جائیں تو کم ہیں۔ اس کے جسم سے انگیٹھی کو اتنا قریب کر دیا جاتا کہ کھال جلنے لگتی مگر اس کی سردی کم نہ ہوتی تھی۔

طبیبوں نے جب تجویز کیا کہ پیٹ میں پھوڑا ہے تو جانچنے کیلئے روئی کے ٹکڑے کو تاگے میں باندھ کر حجاج کو نگلوایا جب ٹکڑا نگلا گیا تب جھٹکا دے کر باہر کھینچ لیا گیا جو صرف کیڑوں سے بھرا تھا۔ آخر بیماری ناقابل علاج قرار پائی۔

حجاج نے خواجہ حسن بصری کو بلایا اور رونے لگا اور آپ کی خدمت میں گڑگڑا کر التجا کی کہ میرے لیے دعا فرمایئے جناب خواجہ نے فرمایا۔ حجاج دیکھ کر میں نہ کہتا تھا کہ اللہ والوں سے مت

رکھ کر سوئے۔ خواجہ فرمایا کرتے کہ اگر شریعت اجازت دیتی تو میں اور خسرو ایک ہی قبر میں رہتے۔ آپ خسرو کو ترک اللہ کہا کرتے تھے۔ اس زمانے میں ترک معشوق کا لقب تھا خواجہ صاحب فرماتے ہیں ؎

گر برائے ترک ترکم ارّہ بر تارک نہند
ترک تارک گیرم و ہرگز نگیرم ترکِ ترک

**ترجمہ:-** اگر میری پیشانی پہ آرہ رکھ دیا جائے۔ اور کہا جائے کہ اپنے ترک کو چھوڑ دو۔ تو میں اپنی پیشانی کو چھوڑ دوں گا۔ مگر اپنے ترک کو نہ چھوڑوں گا۔

ایک مرتبہ جناب خواجہ کی خدمت میں ایک بھوکا ننگا سائل حاضر ہوا۔ اور عرض کیا کہ کچھ عنایت فرمائیے۔ میں بہت غریب و محتاج ہوں۔ خواجہ اٹھے اور اپنی جوتیاں اٹھا کر اس کے حوالے کیں۔ وہ لے کر چل دیا۔ اتفاق سے ایک سرائے میں امیر خسرو مع اپنے خدم وحشم اور لاؤ لشکر کے ٹھہرے ہوئے تھے۔ کہیں یہ بھی ادھر جا نکلا۔ امیر خسرو اپنے خادموں سے کہنے لگے ...... بوئے شیخ می آید۔" خادموں نے اشارہ پاتے ہی تلاش کی۔ چنانچہ معلوم ہوا کہ اس سرائے میں ایک سائل ٹھہرا ہوا ہے۔ اور وہ خواجہ کے دربار سے ہو کر آیا ہے۔ سائل بلایا گیا پوچھتے ہی اس نے بتایا کہ میں کافی دیر تک جناب خواجہ کی خدمت میں بیٹھا رہا۔ لیکن ان دو جوتیوں کے سوا کچھ نہ ملا۔ امیر خسرو نے کہا۔ لاؤ یہ جوتیاں مجھے دے دو۔ اور اس کے عوض یہ تمام ساز و سامان، مال و متاع۔ خدم وحشم مجھ سے لے لو۔ وہ بولا۔ آپ تو مجھ سے مذاق کر رہے ہیں۔ آپ نے کہا۔ نہیں میں تم سے بالکل صحیح کہہ رہا ہوں۔ غرض یہ جوتیاں لے کر جناب خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا۔ آپ نے ہنس کر فرمایا خسرو! یہ جوتیاں تم نے بڑی سستی خریدیں ہیں۔

اس واقعہ کی نوعیت خواہ کیسی ہو لیکن اس سے یہ بات ضرور معلوم ہو جاتی ہے کہ جناب خسرو کو اپنے پیر و مرشد جناب خواجہ محبوب الٰہی سے کس قدر محبت، انس اور والہیت تھی۔

درویشی کی قدر و قیمت پیدا ہو جائے اور لوگ تمہارے بارے میں یہ کہیں کہ کتنا بڑا درویش ہے کہ مرتے وقت بھی خدا کو یاد کرتا رہا۔ تمہیں چاہیے تھا کہ بلند آواز سے پڑھنے کی بجائے آہستہ آہستہ پڑھتے۔

آپ کی بات صرف مریدوں تک ہی محدود نہ تھی۔ بلکہ خود بھی ایسا کرتے۔ چنانچہ آپ کو تمام عمر کسی شخص نے کبھی ہاتھ میں تسبیح لیے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ کا معمول یہ تھا کہ رات کو حجرے کا دروازہ بند کیے بیٹھے رہتے۔ اور ذکر خدا میں مشغول رہتے۔ یہی سبب ہے کہ آپ سندھ سے لاہور تشریف لانے کے بعد بھی چالیس برس تک لاہور کے لوگوں میں گمنام رہے۔

عبادت و ریاضت اور مجاہدے سے انسان کی طبیعت ضبط نفس کو پا لیتی ہے۔ اور انسان میں جب یہ قدرت پیدا ہو جاتی ہے تو اس کی روحانیت کا یہ لازمہ ہے کہ وہ مخالف کی تمام قوتوں کو مسخر کر لیتی ہے۔ پھر دنیا کی محبت اور کسی حاکم کی قوت نہ اسے اپنا غلام بنا سکتی ہے نہ اسے جیت سکتی ہے۔

سیرت نگاروں نے لکھا ہے کہ اکثر بڑے بڑے امراء وزراء اور بادشاہ جو آپ کے معتقد تھے۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور بڑی بھاری بھاری رقمیں بطور نذرانہ پیش کرتے تو آپ فرماتے:۔ تم مجھے دنیا کا فقیر سمجھ کر یہ نذرانے لائے ہو۔ جاؤ اسے لے جا کر مستحق لوگوں میں تقسیم کر دو۔ میں دنیا کا فقیر نہیں۔ اللہ کا ہوں۔ داراشکوہ نے لکھا ہے کہ میں نے کسی اللہ والے کو دنیا کو اتنا حقیر سمجھنے والا نہیں دیکھا جیسا کہ آپ تھے۔

جہانگیر نے تزک جہانگیری میں لکھا ہے کہ جب مجھے معلوم ہوا کہ لاہور میں سندھ کے رہنے والے شیخ محمد نام ایک عالم باعمل اور نہایت فاضل و قابل بزرگ رہتے ہیں۔ توکل اور گوشہ عزلت ان کا شعار ہے تو مجھے ان سے ملنے کا اشتیاق پیدا ہوا۔ اور میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہونے کا ارادہ کیا۔ لیکن بوجہ چند میرے لیے لاہور پہنچنا دشوار ہو گیا۔ ناچار میں نے ان کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا۔ اور ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ چنانچہ

Marfat.com

آپ میری درخواست پر دہلی تشریف لائے۔ اور ایک طویل عرصے تک مجھے ان کے ساتھ بیٹھنے کا موقع میسر آیا۔ اور بہت سے حقائق معارف ہاتھ آئے۔ میں نے ہرچند ان کی خدمت میں کچھ ہدیے اور نذرانے پیش کرنے کی کوشش کی۔ مگر ان کی شان فقر کو دیکھ کر اظہار کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔

اس ملاقات پر جہانگیر نے آخر میں آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ میرے لیے کوئی خدمت ارشاد فرمائیں۔ کسی چیز کی خواہش کریں۔ آپ نے فرمایا۔ بس تم سے خواہش یہ ہے کہ اب مجھے رخصت کرو۔ چنانچہ جہانگیر نے آپ کو نہایت ادب واحترام کے ساتھ رخصت کیا۔ اور آپ لاہور واپس تشریف لے آئے۔

اس کے بعد جہانگیر نے آپ سے باقاعدہ خط وکتابت جاری رکھی۔ اکثر خود اپنے ہاتھ سے خط لکھتا اور آپ کے مقام ومنصب اور ادب واحترام کو ملحوظ رکھتا۔ ایک خط میں آپ کو یوں لکھا پیر دستگیر میر ازیں نیاز مند درگاہ الٰہی جہانگیر۔ ایک مقام پر یوں تحریر کیا۔ محررہ جہانگیر شاہ بعرض حضرت شیخ میر برسد۔

جہانگیر کے بعد جب شاہجہان تخت حکومت پر بیٹھا۔ اس نے بھی اپنے والد کی طرح بلکہ جہانگیر سے کچھ زیادہ ہی آپ کی قدر ومنزلت کی۔ وہ دو مرتبہ آپ کی خدمت میں لاہور حاضر ہوا اور دارا شکوہ دونوں مرتبہ اپنے باپ کے ہمراہ آیا۔ دارا شکوہ لکھتا ہے کہ جب شاہجہان آپ کے حجرے میں داخل ہوا تو آپ نے سب سے پہلی بات جو شاہجہان سے کہی وہ یہ تھی کہ عادل ومنصف بادشاہ کو اپنی رعیت وسلطنت کی خبر گیری کرتے رہنا چاہیے۔ اور تمام قوتوں کو مملکت کے آباد وخوش حال کرنے کے لیے صرف کرنا چاہیے۔ کیونکہ رعیت اگر خوش حال اور ملک آباد ہے تو فوج میں اطمینان اور خزانے میں دولت کے انبار لگے رہیں گے۔

دارا شکوہ لکھتا ہے کہ بیس برس کی عمر میں ایک مرتبہ مجھے ایک ایسا مرض لاحق ہوا کہ بچنے کی امید نہ رہی۔ جب تمام طبیب عاجز آگئے۔ کسی کی دوا کارگر نہ ہوئی تو شاہجہان مجھے آپ

Marfat.com

۷ربیع الاول ۱۰۴۵ھ ہجری میں اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ آپ نے وفات اسی محلہ خان پور میں اپنے حجرے میں پائی۔ جس میں آخر تک آپ بیٹھے رہے۔ اور وہیں مدفون ہوئے آپ کا مزار اورنگ زیب عالم گیر نے تیار کروایا تھا۔ مگر اس کے مسالے کا اہتمام پہلے سے دارا شکوہ نے کیا تھا۔ مگر اسے موت سے مہلت نہیں ملی۔ کہ حکومت کے جھگڑوں میں قتل ہو گیا۔

---

Marfat.com

# افکار و نظریات

## مجدد الف ثانی ؒ

ابتدا میں جناب مجدد نظریہ وحدت الوجود کے قائل تھے۔ چنانچہ جب اسی عقیدے کی روشنی میں آپ نے ایک رباعی لکھ کر جناب خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں پیش کی وہ رباعی یہ تھی:-

اے دریغا کیں شریعت ملت اعمائی است
ملت ما کافری و ملت ترسائی است
کفر و ایماں ہر دو زلف و روئے آں زیبائی است
کفر و ایماں ہر دو اندر راہ ما یکتائی است

جناب خواجہ نے اپنے بلند اقبال اور طالع مند مرید مجدد الف ثانیؒ کو فوراً ایک خط میں سختی سے تنبیہ کی اور انہیں لکھا کہ وہ ملحدانہ رباعی جو آپ نے لکھی تھی۔ آپ نے اس میں بہت ہی ناسمجھی اور کم عقلی کی ہے۔ ایسی لغو رباعی لکھنے والا کبھی مقبول نہیں ہو سکتا اس لئے ادب کو نگاہ میں رکھنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ بڑا غنی اور غیرت مند ہے۔

مرید باسعادت نے مرشد کامل کے فرمان کو چشم بصیرت سے دیکھا اور گوش ہوش سے سنا اور مراد کو پہنچ گئے۔ چنانچہ اپنے بارے میں لکھتے ہیں کہ ابتدءً مجھے سلوک کی تین منزلوں سے گزرنا پڑا۔ اوّلاً وجودیت۔ ثانیاً ظلیت ثالثاً عبدیت یعنی پہلے مرحلے میں جناب مجدد وحدت الوجود کے قائل تھے۔ اور خدا اور کائنات میں عینیت کا اعتراف کرتے تھے۔ دوسرے مرحلے پر پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ کائنات کا وجود تو ہے لیکن وہ حقیقت مطلقہ کا ظل

Marfat.com

ہے یہاں دوئی کا تصور پیدا ہُوا اور ان کی نگاہ میں وحدت الوجود کے مسئلے کی صداقت کھٹکنے لگی۔ پھر جب آپ عبدیت کے مقام پر پہنچے تو خدا اور کائنات میں دوئی بدرجہ اتم ثابت ہو گئی اور انہوں مسئلہ وحدت الوجود کو باطل ثابت کر دیا۔

ع عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے

**وحدت الوجود** خدا کے سوا عالم میں کوئی اور شے ہے ہی نہیں یا جو کچھ ہے وہ ہے ہم سب ہم سب کچھ نہیں اس عقیدے یا نظریے کا نام وحدت الوجود یا ہمہ اوست ہے۔ اس عقیدے کی رو سے صوفیوں کے نزدیک یہ ثابت ہوتا ہے کہ خدا کے سلسلۂ کائنات سے ایک الگ اور جدا گانہ ذات ہونے کا خیال صحیح نہیں جیسا کہ اہل ظاہر کی رائے ہے اگرچہ یہ عقیدہ کہ اللہ تعالےٰ سلسلہ کائنات سے الگ نہیں تمام صوفیائے کرام کے نزدیک تسلیم شدہ امر ہے لیکن اس عقیدے کی تعبیر میں ان کے یہاں بھی اختلاف ہے مولانا روم کہتے ہیں۔ ؎

چو ہست مطلق آمد در عبارت

بہ لفظ "من" کنند از وے اشارت

وجود مطلق جب تشخصات و تعینات میں جلوہ افروز ہوتا ہے تو ممکنات کے اقسام پیدا ہوتے۔ یہ اقسام کس طرح پیدا ہوتے ہیں بالکل اسی طرح جیسے حباب اور موج ہر چند یہ قسمیں مختلف ذاتیں شمار کی جاتی تھیں لیکن حقیقت میں ان کا وجود پانی کے سوا اور کچھ نہیں چنانچہ مولانا کہتے ہیں۔ ؎

گفتم از وحدت و کثرت سخنے گوئی بہ رمز

گفت موج و کف و گرداب ہمانا دریاست

یا ایک مثال سے یوں سمجھئے کہ جس طرح دھاگے میں جو گرہیں لگائی جاتی ہیں ان کا وجود اگرچہ دھاگے سے ایک الگ اور علٰحدہ شے نظر آتا ہے لیکن واقعتہً گرہ دھاگے سے کوئی مختلف چیز نہیں۔

Marfat.com

وحدت الوجود کے مسئلہ پر غالب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

اے ز وہم غیر غوغا در جہاں انداختہ
گفتہ خود حرفے خود را در گماں انداختہ

اے خالق تو نے عالم کے غیر و ماسوا ہونے کا وہم دلوں میں ڈال دیا ہے لیکن تو نے درحقیقت خود ہی ایک حرف "کن" کہکر اپنے آپ کو اس گمان کا شکار بنایا ہے کہ مخلوق اپنے خالق سے کوئی علیحدہ شے ہے۔

دیدہ بیروں و درون از خویشتن پر داختگی
پردہ رسم پرستش در میاں انداختہ

جو نور آنکھ کے اندر ہے وہی آنکھ کے باہر ہے گویا تیری آنکھیں اپنے ہی نور سے اپنا ظہور دیکھ رہی ہیں۔ یعنی شاہد و مشہود، ناظر و منظور اور عابد و معبود ایک ہی ذات ہے اے خالق تو نے دوئی کا دھوکہ دے کر پرستش کی رسم کا پردہ اپنی ہی دو حیثیتوں کے درمیان ڈال دیا ہے۔

یا چنیں ہنگامہ در وحدت نمی گنجد دوئی
مردہ را از خویش دریا بر کراں انداختہ

مگر اے خالق کثرت کی ہنگامہ آرائی کے باوجود تیری یکتائی میں دوئی کی مطلقاً کوئی گنجائش نہیں۔ دریائے وحدت نے دوئی کو اس طرح نکال باہر کیا ہے جس طرح کوئی مردہ (لاش) موجوں کے تھپیڑے کھاتے ہوئے ساحل دریا سے آلگے

وجودی صوفیوں اور فلسفیوں نے وحدت و کثرت کے موضوع کو نہایت آسان اور سادہ الفاظ میں سمجھانے کے لئے بیشتر مثالیں دی ہیں۔ مثلاً

مولانا روم کہتے ہیں۔ لوہا جب آگ میں گرم کیا جاتا ہے تو وہ گرمی آتش پکڑ کر ہمرنگ آگ بن جاتا ہے اگرچہ وہ آگ نہیں بن جاتا۔ تاہم اس میں آگ کی تمام خاصیتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ وہ آگ ہو گیا وجودی صوفیہ کہتے ہیں کہ حدیث نبوی میں ہے

Marfat.com

کہ خلق الآدم علے صورتہٖ یعنی اللہ تعالےٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے چنانچہ اسی مناسبت سے انسان میں جو مختلف صفات پائی جاتی ہیں وہ سب کی سب صفات ربانی ہیں یا دوسرے لفظوں میں یوں کہئے کہ مظہر خداوندی ہیں۔

صوفیائے کرام کہتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کے بہت سے نام ہیں۔ مثلاً رحمٰن۔ رحیم۔ ستار۔ غفار۔ قہار۔ جبار۔ رزاق۔ یعنی مسمّی واحد اور اسماء بہت سے ہیں۔ لیکن اللہ تعالےٰ کے ہر اسم سے ایک ہی ذات مراد لی جاتی ہے گویا اس اعتبار سے واحد مسمّٰی کے متعدد اسماء اس کے عین ہیں اور یہ تمام اسماء اس کی صفات پر دلالت کرتے ہیں۔ پھر یہ بات ذہن نشین کر لیجئے کہ صفات سے ممکنات کا ظہور ہوا ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ اس کائنات کی ہر شے کسی نہ کسی اسم کی مظہر ہے اسی لئے ثابت یہ ہوا ہے کہ موجودات کی ہر چیز عین ذات ہے۔ اللہ تعالےٰ تمام موجودات کا ظل اور ان کی اصل ہے۔ کائنات اس کا ظل اور ظل حقیقت میں اصل کا مظہر ہوتا ہے جیسے انسان کا جب زمین پر سایہ پڑتا ہے تو بظاہر وہ ایک الگ شے معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں اس کا کوئی وجود نہیں جو کچھ ہے انسان ہی ہے۔ اسی طرح کائنات کا وجود غیر حقیقی اور صرف خیال ہے وجود صرف خدا کا ہے۔ کائنات وکثرت صرف وحدت کے اعیان ومظاہر کی حیثیت سے دکھائی دیتی ہے۔ بذاتہٖ اس کا اپنا کوئی وجود نہیں اس لئے وجود جو ہے وہ وحدت ہی کا ہے اصغر کہتے ہیں۔ ؎

پھر میں نظر آیا نہ تماشا نظر آیا
جب تو نظر آیا مجھے تنہا نظر آیا

درد کہتے ہیں ؎

ما ہیتوں کو روشن کرتا ہے نور تیرا
اعیان ہیں مظاہر، ظاہر ظہور تیرا

غالب کہتے ہیں ؎

Marfat.com

ہے مشتمل نمود صور پر وجود بحر
یاں کیا ہے قطرہ و موج و حباب ہیں

ایضاً ؎

اصل شہود و شاہد مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

دردؔ کہتے ہیں ؎

جمع ہیں افراد عالم ایک ہیں
گل کے سب اوراق پر ہم ایک ہیں

میرؔ کہتے ہیں ؎

گوش کو ہوش کے ٹک کھول کے سن شور جہاں
سب کی آواز کے پردے میں سخن ساز ہے ایک

وحدت الوجود کے اس عقیدے کی بدولت بعض اذہان اس خیال کی طرف جاتے ہیں کہ فرعون جو خدا ہونے کا مدعی ہوا۔ اس نے کیا غلط کیا اور انا الحق کی جو آواز منصور کے منہ سے نکلی اس میں کیا برائی تھی۔ جب وحدت الوجود کے نظریے کی رو سے ہر شے خدا ہے تو ناحق ان لوگوں کو مورد الزام ٹھہرایا گیا۔

درحقیقت یہ مسئلہ اس قدر نازک ہے کہ اگر اس کی تعبیر میں ذرا سی بھی لغزش ہو جائے تو اس کی حدیں کفر و الحاد اور زندیقیت سے جا ملتی ہیں۔ ہم وحدت الوجود کے موضوع کو قدرے تفصیل سے بیان کریں گے اور جہاں جہاں مجدد الف ثانی نے وجودیوں سے اختلاف کیا ہے انہیں بالاجمال پیش کریں گے۔

## عقیدہ وحدت الوجود

عقیدہ وحدت الوجود کو سب سے پہلے ذوالنون مصری نے (متوفی ۲۴۵ھ) تیسری صدی ہجری میں پیش کیا۔

Marfat.com

ظاہر ہے کہ موصوف مصر کے رہنے والے تھے اس لئے ان کا اشراقیت جدیدہ سے متاثر ہونا قطعی ممکن ہے۔ یہ انہی اثرات کا نتیجہ تھا کہ جناب ذوالنون مصری نے اپنی لرفنا وطبع سے تصوف اسلام کو وحدت الوجود ایسا پیچیدہ عقیدہ بخشا اور اس کے نظریات میں وجد و معرفت کے خیالات شامل کئے اور نو فلاطونی رجحانات کو صوفیائے اسلام کے ذہن میں واضح کیا۔

جناب مصریؒ کے علاوہ ان کے ہم عصر بزرگ جناب بایزید بسطامیؒ نے بھی اس سلسلے میں بڑا کام کیا انہوں نے صوفیہ کو خود فراموشی اور رضا کے مسائل تعلیم کئے۔ اور وحدت الوجود کے نظریات کو شطحیات کے انداز میں پیش کیا اور پھر ان کے مرید جناب ابوسعید ابوالخیر نے اپنی رباعیات میں اپنے مرشد کے موضوع سخن کو بڑی ترقی دی واضح رہے کہ یہ ابوالخیر وہی بزرگ ہیں جن کا اسم گرامی بھی جناب مخدوم علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ صاحب کشف المحجوب کے اساتذہ کی فہرست میں شامل ہے

مختصراً یہ کہ تیسری صدی ہجری علم تصوف کی تصنیفات وتالیفات کا ابتدائی زمانہ ہے اس دور میں جو کتابیں لکھی گئیں ان میں جناب جنید بغدادیؒ المتوفی ۲۹۷ھ کی کتاب "رسالہ القصد الی اللہ" عربی زبان میں تصوف کی قدیم ترین کتاب خیال کی جاتی ہے جناب جنید بغدادی نے تصوف کے مسائل میں ایک ترتیب اور ضابطہ پیدا کیا فقہ اور تصوف کے موضوع سے صوفیائے کرام اور علمائے عظام کے درمیان جو آویزش پیدا ہو گئی تھی اسے یہ کہہ کر مٹانے کی سعی بلیغ فرمائی کہ شریعت اور طریقت دو علیحدہ اور الگ الگ راہیں یا مسلک نہیں بلکہ ایک ہی تعلیم کے دو رخ ہیں جو آپس میں ایک دوسرے سے مختلف نہیں بلکہ دونوں ایک ہی ہیں۔

بعضوں کا خیال ہے کہ تصوف کے موضوع پر جس نے سب سے پہلے قلم اٹھایا وہ جناب یحیٰی بن معاذ رازیؒ ہیں اور اپنے دعوے کے ثبوت میں وہ رازی کی کتاب المریدین پیش

کرتے ہیں۔ جناب معاذ رازی نے ۲۰۶ ہجری میں وفات پائی۔ ان کے علاوہ شیخ ابوالنصر سراج (متوفی ۳۷۸ھ) نے کتاب اللمع لکھی۔ نیز عبدالکریم بن ہوازن قیشریہ تحریر کیا جس میں فنا۔ بقا۔ بسط۔ تال اور جمع و تفرقہ وغیرہ صوفیانہ اصطلاحات قائم کیں۔

علاوہ ازیں تیسری صدی ہجری ہی میں تصوف کے مختلف سلسلے قائم ہوئے جو بڑھتے بڑھتے پھر سینکڑوں کی تعداد تک پہنچ گئے۔ تصوف کے ابتدائی سلسلوں میں سے چند ایک یہ تھے مثلاً

۱۔ محاسبیہ۔ اس کے بانی جناب جنید بغدادی کے محترم بزرگ جناب عبداللہ حارث محاسبی متوفی ۲۴۳ھ ہیں۔ انہوں نے حال و مقام کے اصطلاحی فرق مقرر کئے اور بہت سی اصطلاحات قائم کیں۔

۲۔ قیصریہ۔ اس سلسلے کو جناب شیخ قیصری نے قائم کیا۔ اس سلسلے کی بنیاد ملامت پر ہے یعنی اس کے پیرو بظاہر ایسے کام کرتے جس سے ان کی لوگوں میں رسوائی ہو اور انہیں ملامت کی جائے۔ ان لوگوں کو اسی اعتبار سے ملامتیہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ لوگ یہ تمام اہتمام اس لئے کرتے ہیں کہ ان کی اطاعت اور زہد و عبادت ریا کاری نہ بن جائے۔

۳۔ طیفوریہ۔ اس سلسلے کی ابتدا جناب ابو یزید طیفوری بسطامی سے ہوئی انہوں نے اپنے معتقدین کو صحو و سکر کی تعلیم دی۔ صحو و سکر کا مختصر بیان "کشف المحجوب" کے مضامین کے باب میں کسی مقام پر پیش کریں گے۔

۴۔ جنیدیہ۔ تصوف کا یہ سلسلہ جناب جنید بغدادی نے قائم کیا۔ جس کی بنیاد صحو و محبت پر تھی اور مراقبہ و مجاہدہ خاص شغل قرار پایا۔

چوتھی صدی ہجری میں حسین بن منصور حلاج نے مقتدر باللہ عباسی کے عہد خلافت میں وحدت الوجود کے نظریات کو ایک نئے انداز میں پیش کرنا شروع کیا اب تک تعلیم و تلقین اشارے اور کنائے میں ہوئی یا گوشۂ خلوت میں کہا جاتا لیکن منصور نے بر سر عام لب کشائی کرنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ وحدت الوجود کے فتنے سے بچنے کے لئے منصور کو ۳۰۹ھ

Marfat.com

میں سولی پر لٹکانا پڑا۔

منصور سے متعلق علمائے کرام میں غم و غصہ اور اختلاف تو تھا ہی اہل تصوف بھی اختلاف پیدا ہو گیا۔ ایک گروہ کے نزدیک اسے واجب التعظیم ٹھہرایا گیا ہے اور دوسرے گروہ نے اسے ملحد و زندیق خیال کیا ہے۔

فریدالدین عطار نے منصور کو قتیل اللہ فی سبیل اللہ شیر بیشہ تحقیق ایسے القاب سے یاد کیا ہے۔ ابوبکر شبلی کہتے تھے کہ میں اور منصور نے عقل سے جان گنوائی اور میں نے جنون سے اپنی جان بچالی۔ جناب فریدالدین عطار اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ بعض مشہور صوفیائے کرام منصور کی بزرگی تسلیم نہیں کرتے۔

جناب مخدوم علی ہجویری اپنی کتاب کشف المحجوب میں لکھتے ہیں کہ جناب منصور کی حلاج کی تعظیم و تکریم کرتا ہوں لیکن کسی کو ان کے مسلک کی پیروی کی اجازت نہیں دے سکتا کیونکہ کیونکہ اس کی بنیاد نہیں۔ چنانچہ ہجویری کے اس قول کی روشنی میں اگر دیکھا جائے تو یہ خیال لفظا صحیح معلوم ہوتا ہے کہ وحدت الوجود کے مسئلہ پر جن خیالات کا اظہار منصور نے کیا ہے قدیم صوفیہ کو ان سے دور کا بھی تعلق نہ تھا۔

پانچویں صدی ہجری میں امام غزالیؒ نے اس مابعد الطبعی نظام کو مٹانے یا اس کی اصلاح کرنے کی سعی بلیغ فرمائی جو ایرانی و ہندوستانی مذاہب کے اثر سے تصوف میں شامل ہو چکا تھا نیز امام غزالیؒ نے مسائل تصوف اور احکام شریعت میں باہم مطابقت کرنے کی مقدور بھر کوشش کی جس سے پایہ تصوف علمائے اسلام کی نگاہ میں بلند نظر آنے لگا علاوہ ازیں امام غزالیؒ نے سفر، سالک، تجلیؒ، فصل، علت، مکان، رسم ہمت اور ذہاب وغیرہ ہم صوفیانہ اصطلاحات وضع کیں۔ احیا العلوم کیمیائے سعادت اور مشکوٰۃ الانوار وغیرہ غزالیؒ کی مشہور تصنیفات ہیں۔

امام غزالیؒ کے بعد خواجہ فریدالدین عطار نے تصوف کے موضوع پر خامہ فرسائی کی اور مثنوی منطق الطیر اور تذکرۃ اولیا ایسی بلند پایہ کتابیں لکھیں پھر ان کے بعد جناب مولانا جلال الدین رومؒ

دس دلی

کا نام آتا ہے جن کی مثنوی کے بارے میں یوں کہا جاتا ہے ؎

مثنوی مولوی معنوی

ہست قرآن درزبان پہلوی

آخر میں جناب خواجہ عبید اللہ احرار کے شاگرد و مرید مولانا عبدالرحمٰن جامی آتے ہیں۔ نفحات الانس لوائح جامی آپ کی تصوف کے موضوع پر دو مشہور کتابیں ہیں۔ مختصراً یہ کہ تصوف اپنے علمی ادوار کے ساتھ ساتھ وحدت الوجود کے نظریات کی برابر اشاعت کرتا رہا حتیٰ کہ محی الدّین عربی ایسے عرب نژاد فلسفی کا زورِ قلم اسے میسّر آگیا۔

جناب محی الدّین ابن عربی جو اپنے علمی تبحر کی بدولت شیخ اکبر کہلاتے ہیں سب سے پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے وحدت الوجود کے نظریے کو خالص فلسفیانہ انداز میں پیش کیا اور اس سلسلے میں فصوص الحکم ان کی معرکتہ الآرا تصنیف خیال کی جاتی ہے اور اس کتاب کی مقبولیت کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوگا کہ شیخ اکبر باوجود عربی نژاد کے ہونے کے ایرانی صوفیا آج تک ان کی تحریم و تکریم بجا لاتے ہیں اور کتاب کا نہایت ذوق و شوق سے مطالعہ کیا جاتا ہے۔

حاصل کلام یہ کہ چھٹی صدی ہجری میں شیخ محی الدّین ابن عربی المتوفی ۵۶۰ ہجری نے وحدت الوجود کے مسئلے کو فلسفیانہ انداز اور استدلالی رنگ میں پیش کیا فصوص الحکم کے علاوہ فتوحات مکیہ بھی تصوف کے موضوع پر ان کی مشہور تصنیف ہے۔

وحدت الوجود کے نظریے کو قرآن حکیم کی تعلیمات کے عین مطابق ثابت کرنے کے لئے جو آیات قرآنی پیش کی جاتی ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں۔

۱۔ ھو الاول ھو الاخر ھو الظاھر ھو الباطن — ترجمہ: وہی اوّل ہے وہی آخر ہے وہی ظاہر ہے وہی باطن ہے۔

۲۔ اللہ نور السموات والارض — اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے

Marfat.com

۳۔ ھو معکم اینما کنتم — وہ تمہارے ساتھ ہے تم جدھر بھی رخ کرو۔

۴۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ — تم جس طرف بھی منہ کرو اس طرف اللہ کا منہ ہے۔

ابتدائی دور کے جن بزرگوں کو یہ لوگ صوفیائے قدیم ٹھہراتے ہیں ان کے یہاں دیکھیے تو ان باتوں کا مطلقاً کوئی گزر نہیں۔ مثلاً خواجہ حسن بصری ابراہیم ادہم۔ فضیل عیاض امام سفیان ثوری رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین کے یہاں خیالات نے رمز وکنایے یا تشبیہ واستعارہ کی صورت اختیار نہیں کی تھی یا بالفاظ دیگر یوں کہیے کہ ان بزرگوں کی زبان نے نثر نے نظم کی یعنی شاعری کی صورت اختیار نہیں کی تھی۔

لیکن جب سے تصوف کی زبان شعر وشاعری کے حلقے میں آئی تب سے اس موضوع پر نئے نئے خیالات اور افکار پیش ہونے لگے۔ حتیٰ کہ تصوف کے تمام مسائل پر وحدت الوجود کا مسئلہ بازی لے گیا۔ بلکہ مسائل تصوف میں وحدت الوجود کا نظریہ جان تصوف ٹھہرا جو سراسر عجمی ذہن کی پیداوار ہے۔

در اصل اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں اپنی کہنہ۔ کائنات کی تخلیق۔ مخلوقات کی حقیقت اور خالق ومخلوق کے درمیان جو رشتہ ہے ان مسائل سے متعلق کوئی مکتبہ فکر قائم نہیں کیا جب اسلام کا دائرہ وسیع ہونے لگا اور غیر مسلموں نے اسلام قبول کرنا شروع کیا تو ان کے اذہان اسلام کی تعلیمات سے پورے طور پر مستفید نہ ہونے کے سبب ان مسائل کی طرف پھر گئے جن کی بنیاد پر وحدت الوجود کا عقیدہ قائم ہوا۔

قرآن حکیم میں چونکہ اللہ تعالیٰ کے اول وآخر۔ حاضر وناظر۔ ظاہر وباطن۔ قادر و غالب۔ جبّار وقہار۔ اور رب۔ نور السموات والارض ہونے کا ذکر بار بار آیا ہے۔ اس لیے جب مذکورہ بالا مسائل پیدا ہوئے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی ان صفات سے بآسانی

Marfat.com

" وحدت الوجود" کے نظریے کی صورت میں حل تلاش کر لیا۔

قرآن حکیم میں سے ایسی آیات موجود ہیں جن سے مذکورہ بالا قسم کے مسائل کا استنباط کر کے عقل کے مطالبات پورے کئے جا سکتے ہیں لہٰذا وحدت الوجود کا مسئلہ خالص فلسفیانہ شان میں وجود پذیر ہوا جس کی آگے چل کر محی الدین ابن عربی نے فلسفیانہ انداز میں نوک پلک سنوا دی۔

محی الدین ابن عربی کی تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ وجود صرف وحدت کا ہے دوسرے لفظوں میں یوں کہئے کہ خدا کے سوا کسی دوسری شئے کا وجود ہے ہی نہیں۔ جو کچھ ہے خدا ہے ہم سب کچھ نہیں۔ اگرچہ کائنات اور اس کی بے شمار اشیا ہر وقت انسان کے مشاہدے اور استعمال میں آتی رہتی ہیں۔ وہ بدیہی طور پہ موجود نظر آتی ہیں تاہم وجود کو وحدت محض میں منحصر کر دینے کے بعد ان تمام اشیا کے وجود سے انکار کرنا لازم ہے ہر چند کہ کائنات وجود تو رکھتی ہے لیکن اس کا وجود حقیقی نہیں بلکہ وہ اللہ تعالےٰ کے وجود کا ظل یا پرتو ہے اگرچہ خدا کی صفات میں تعدد ہے لیکن تمام صفات عین ذات ہیں۔ اور یہ کائنات اللہ تعالیٰ کی صفات کی تجلی کا نام ہے لہٰذا اس اعتبار سے وہ بھی اپنے ظہور میں عین ذات ہے۔

کائنات کا وجود فی نفسہٖ کچھ نہیں۔ صرف اللہ تعالےٰ کی صفات کا ظہور ہے اور چونکہ صفات عین ذات ہیں۔ اس لئے کائنات اور خدا کی ذات میں عینیت کا علاقہ ہے اور خدا کی ذات چونکہ وحدت مطلقہ ہے اس لئے وجود وحدت ہی وحدت کا ہے۔ پس یہی وحدت الوجود یا ہمہ اوست کا نظریہ ہے جو اسلام کی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔

ابن عربی کہتے ہیں اللہ تعالےٰ قرآن حکیم میں فرماتا ہے نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ کہ ہم انسان سے اسکی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ اس قربت

Marfat.com

کا مطلب یہ ہے کہ اس کے سوا کچھ اور نہیں کہ اللہ تعالٰی ہی انسان کے اعضاء جوارح کا اصل ہے اس لئے خدا اور انسان میں عینیت ہے۔ اسی طرح حدیث میں بھی آتا ہے خلق الآدم علٰی صورتہٖ یعنی اللہ تعالٰی نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔ پس اس سے یہ ثابت ہوا کہ انسان میں اللہ تعالٰی کی تمام صفات موجود ہیں۔ یہی سبب ہے کہ انسان کو اپنے نفس کی معرفت حاصل کرنے کی توجہ دلائی گئی ہے کیونکہ اپنے نفس کی معرفت اللہ تعالٰی کی معرفت کے حصول کا ذریعہ ہے مَنْ عرف نفسہ فقد عرف ربّہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

**وحدت الشہود** گیارہویں صدی ہجری میں جناب مجدد الف ثانی نے شیخ اکبر کے وحدت الوجود کے عقیدے کی تردید کی۔ شیخ اکبر ابن عربی کا استدلال یہ تھا کہ ذات۔ صفات کی عین ہے۔ کائنات۔ صفات کی تجلی ہے اور چونکہ صفات۔ عین ذات ہیں۔ اس لئے کائنات بھی عین ذات ہے

جناب مجدد نے فرمایا۔ صفات۔ عین ذات نہیں بلکہ زائد علی الذات ہیں۔ اللہ تعالٰی کا وجود فی ذاتہٖ کامل ہے اسے اپنی تکمیل کے لئے صفات کی احتیاج نہیں۔ صفات اس کے وجود کے تعینات ہیں۔ وہ موجود ہے لیکن اس کا وجود خود اس کی ذات سے ہے وہ سمیع ہے اپنی ذات سے وہ علیم ہے اپنی ذات سے۔ وہ بصیر ہے۔ اپنی ذات سے۔ غرض اللہ تعالٰی کی صفات۔ عین ذات نہیں بلکہ اس کی ذات کے اظلال ہیں۔

پس مجدد صاحب کے اس نظریئے سے یہ معلوم ہوا کہ کائنات اس کی صفات کی تجلی کا نام نہیں بلکہ اس کی صفات کا ظل یعنی پرتو یا سایہ ہے۔ اور ظل کبھی عین اصل نہیں ہوتا اور مظہر کبھی عین ظاہر نہیں ہوتا۔ یہ ہے مجدد صاحب کا وہ نظریہ جسے عقیدہ وحدت الشہود

Marfat.com

کہتے ہیں۔

بقول مولانا شبلی علیہ الرحمہ کے وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے نظریے میں فرق یہ ہے کہ وحدت الوجود کے عقیدے کے لحاظ سے ہم ہر شئے کو خدا کہہ سکتے ہیں۔ جس طرح حباب اور موج کو بھی پانی کہہ سکتے ہیں۔ لیکن وحدت الشہود میں یہ اطلاق جائز نہیں۔ کیونکہ جس طرح انسان کے سائے کو انسان کہنا محال ہے اسی طرح اظلال صفات کو خدا نہیں کہا جا سکتا۔

مظہر کے عین ظاہر نہ ہونے کے باب میں جناب مجددؒ فرماتے ہیں۔ فرض کیجئے کہ ایک صاحب فن اپنے طرح طرح کے کمالات کا اظہار کرنا چاہتا ہے اور اس کے لئے وہ حروف و اصوات ایجاد کرتا ہے۔ یہ حروف و اصوات کمالات کا آئینہ بن کر کمالات کے ظہور کا باعث بنتے ہیں لیکن ان حروف و اصوات کو جو سرا پائے کمالات ہیں عین کمالات قرار نہیں دیا جا سکتا۔ پس یہ بات قطعی طے ہو گئی کہ اس کائنات کو صفات ذات کا مظہر تسلیم کر لینے سے بھی مظہر عین ظاہر ثابت نہیں ہو سکتا۔

شیخ اکبر نے کائنات کی نفی سے وحدت کے وجود پر جو استدلال کیا ہے جناب مجددؒ کے نزدیک یہ بات شیخ نے مقام فنا میں کہی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب صوفی اس مقام سے کسی بلند تر مقام پر پہنچتا ہے تو اسے اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے فنا کے مقام میں محبوب کی محبت کے غلبے کے باعث ہر چیز مستور ہو جاتی ہے اور چونکہ صوفی محبوب کے علاوہ کسی کو دیکھتا ہی نہیں اس لئے وہ محبوب کے سوا کسی شئے کو موجود نہیں پاتا۔

اگرچہ شیخ اکبر نے اثبات باری تعالٰے سے کائنات کی نفی پر استدلال کیا ہے تاہم جناب مجددؒ کہتے ہیں کہ ذات باری تعالٰے کے اثبات سے کائنات کے وجود سے انکار لازم نہیں آتا۔ مثلاً اگر کوئی شخص آفتاب کے وجود کا یقین رکھتا ہے تو اس یقین محکم سے یہ لازم نہیں کہ وہ آفتاب کے چمکنے پر ستاروں کو پیش نظر نہ پاکر سرے سے ان کے وجود ہی سے انکار

Marfat.com

کر دے ۔

جیسا کہ ہر شخص جانتا ہے کہ ستارے ہیں۔ لیکن آفتاب کے نور کی تابش سے مستور ہو گئے ہیں۔ اس لیے وہ ان کے وجود کا منکر نہیں ہو سکتا اسی طرح ذات باری تعالےٰ کے اثبات سے کائنات کی نفی کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ درحقیقت وجود کائنات کی نفی کرنا تعلیمات اسلام کے یکسر خلاف اور منشائے وحیٔ الٰہی کے بالکل برعکس ہے۔

مجدد صاحب فرماتے ہیں کہ اگر کائنات کا وجود نہ ہو تو جملہ اوامر و نواہی سب کے سب عبث و بیکار ٹھہرتے ہیں۔ ان کا پھر کوئی معنی و مقصد سمجھ میں نہیں آتا اور تمام عقائد باطل ہو جاتے ہیں غرض عذاب و ثواب۔ جزا و سزا۔ اجر و گناہ دین و دنیا۔ عقبیٰ و آخرت یہ تمام باتیں بے معنی دکھائی دیتی ہیں۔ اگر کائنات کا واقعی کوئی وجود نہیں تو پھر خدا نے کس شئے کو بنایا۔ اس کی وہ کیا مخلوق ہے جس کا وہ خالق ٹھہرا؟ پس یہ ماننا پڑے گا کہ کائنات کا وجود ہے

آیۂ قرآنی نحن اقرب الیہ من حبل الورید کہ ہم انسان سے اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ اس سے شیخ اکبر نے "قربت" کو "عینیت" قرار دیا ہے۔ مجدد صاحب نے اس سے بھی اختلاف کیا ہے۔ آپ کے نزدیک قربت کو عینیت خیال کرنا صحیح نہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب اس کی کیفیت کا فہم و ادراک ہماری سمجھ سے باہر ہے —— ہمارے دماغ اور ذہن، اس کے مفہوم کا تعین کس طرح کر سکتے ہیں اور قربت کو۔ کیونکر عینیت قرار دے سکتے ہیں۔ نیز اس حدیث نبوی کے بارے میں خلق الادم علےٰ صورتہ کہ اللہ تعالےٰ نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔ مجدد صاحب کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ نہیں کہ انسان اللہ تعالےٰ کی صفات کا مجسمہ ہے یا انسان عین خالق ہے بلکہ اس سے کہنا یہ ہے کہ "روح ربانی" کی طرح "روح انسانی" بھی لامکانی ہے اور اسی اعتبار سے دونوں میں مشابہت ہے۔

Marfat.com

بصورت دیگر خالق و مخلوق میں قطعاً کوئی عینیت نہیں ہو سکتی مجدد صاحب فرماتے ہیں ایک مکڑا سی چوہڑے حزم و احتیاط سے اپنا جالا بناتی ہے اس ذات سے کیونکر عینیت کا دعویٰ کر سکتی ہے جو پلک جھپکنے میں زمین و آسمان کو درہم برہم کر سکتی ہے

مجدد صاحب کے نزدیک من عرف نفسہ فقد عرف ربہ سے بھی انسان کا عین خدا ہونا ثابت نہیں. وہ فرماتے ہیں کہ معرفت نفس کا مقصد یہ ہے کہ جس شخص نے اپنے نقائص و معائب کو معلوم کر لیا ہے اس پر حقیقت روشن ہو جاتی ہے کہ تمام کمالات و محاسن اس کی ذاتی کوششوں سے نہیں بلکہ اللہ تعالےٰ کی توفیق اور اس کے فضل و کرم سے حاصل ہوتے ہیں. تمام کمالات و محاسن کا اللہ تعالےٰ ہی کی ذات سرچشمہ ہے اور صرف اسی نقطہ نظر سے معرفت نفس اللہ کی ذات کی معرفت کا ذریعہ قرار پا سکتی ہے.

کائنات کے پیدا کرنے کی غرض کے بارے میں شیخ اکبر نے جو یہ حدیث نقل کی ہے اور اس پر وحدت کے وجود کا استدلال کیا ہے کہ کنت کنزا مخفیا فاجبت ان اعرف فخلقت الخلق. کہ میں ایک مخفی خزانہ تھا. میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا. مجدد صاحب فرماتے ہیں کہ اس استدلال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنی ذات میں کامل نہیں اس لئے وہ اپنی ذات کی تکمیل کے لئے تخلیق کا محتاج ہوا (اور احتیاج کا پایا جانا رب کی شان کے خلاف ہے) اور یہ خیال تعلیم دینی کے خلاف ہے اس لئے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ تخلیق کا مقصد معرفت نہیں.

اللہ تعالےٰ خود اپنے بارے میں ارشاد فرماتا ہے کہ وہ عالمین سے غنی ہے یعنی بے نیاز ہے. ان اللہ لغنی عن العالمین کائنات کی تخلیق کے مقصد کے بارے میں اللہ تعالےٰ نے خود فرمایا ہے کہ ہم نے جنوں اور انسانوں کو صرف اس غرض سے پیدا کیا ہے کہ وہ ہماری عبادت کریں وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون

Marfat.com

حاصلِ کلام یہ کہ مجدّد صاحب نے واشگاف الفاظ میں اعلان کیا کہ وحدت الوجود کا نظریہ اسلام کی شریعت کے یکسر خلاف ہے کیونکہ اس عقیدے کی رو سے مخلوق بے وجود ہو جاتی ہے حالانکہ قرآن حکیم نے مخلوق کو جا بجا ذی وجود کہا ہے۔

مجدّد صاحب کے نزدیک یہ کائنات۔ ظلِ صفات ہے۔ صفات۔ اظلالِ صفات ہیں۔ کائنات چند منازل تنزلات و تعینات سے وجود میں آئی ہے وہ اس طرح کہ وجودِ مطلق۔ وصفِ وجود کی علت ہے وصفِ وجود سے صفتِ حیات اس سے صفتِ علم۔ اس سے صفتِ قدرت۔ پھر صفتِ ارادہ پھر صفت سمع۔ پھر بصر۔ اس کے بعد صفت کلام اور صفتِ تکوین کا ظہور ہوا اور صفتِ تکوین تخلیق کائنات کا باعث ہوئی۔

## سلسلۂ نقشبندیہ کی خصوصیات

• نقشبندی سلسلہ جسے ہندوستان میں خواجہ باقی باللہ نے قائم کیا۔ اور ان کے بعد آپ کے مرید یگانہ روزگار جناب مجدّد الف ثانی نے اسے ترقی دی یہ سلسلہ اسلام کی شریعت کے عین مطابق ہے۔ تصوّف کے دوسرے سلسلوں کی طرح اس میں شریعت اسلامی سے مطلقاً کوئی آزادی نہیں۔ مثلاً سجدہ تعظیمی۔ قبروں پر روشنی غلاف اور چادر ڈالنا۔ پیروں کے قدم چومنا۔ مرید عورتوں کا اپنے پیروں سے بے پردہ رہنا غرض اس قسم کی تمام باتوں کی قطعاً اجازت نہیں۔ نقشبندی سلسلے میں یہ تمام باتیں شریعت اسلام کے بالکل خلاف ہیں۔

اس کے علاوہ چلّہ کشی۔ ذکر بالجہر اور سماع بالمزامیر وغیرہ مراسم اختیار کرنے بھی مناسب نہیں سمجھے جاتے۔ نقشبندیوں کو صحابہ کرام کی سی زندگی۔ انہی کی طرح بود وباش وضع قطع اور معاشرت اختیار کرنے کی تلقین کی جاتی ہے اور نقشبندی سلسلے میں صحابہ کرام تمام اولیائے عظام سے افضل مانے جاتے ہیں المختصر شریعت اسلام کی تمام و کمال پیروی کرنا اس مسلک کی بنیاد اوّلیں ہے چنانچہ اس سلسلے میں جناب مجدّد فرماتے ہیں۔ بعض درویشوں

شخصیت نظر آتے ہیں، لیکن حقیقت میں وہ ایسے نہیں تھے چنانچہ اس خیال کے تحت وہ مرزا جعفر بیگ کے خط کے جواب میں لکھتے ہیں۔ میرے مخدوم جب کفارِ قریش نے اپنی کمال بدنصیبی سے اہل اسلام کی ہجو اور برائی میں مبالغہ کیا تو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے شاعروں کو حکم دیا کہ وہ کفار نگونسار کی ہجو کریں۔" اس خط کے بیان سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ جناب مجدد الف ثانی رح کا یہ نقطہ نظر ہندوؤں کے خلاف ان کی جارحانہ کارروائیوں کے باعث قائم ہوا اصل میں اکبر نے ہندوؤں کی جو تالیف قلوب کی یعنی انہیں جزیہ معاف کر دیا اور انہیں خوش کرنے کے لئے مسلمانوں پر گائے کی قربانی دینا خلاف قانون قرار دے دیا۔ اس سے ہندوؤں میں ہندو مذہب کے احیاء کی تحریک زور پکڑ گئی۔ قریب تھا کہ ہندو اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے کہ عین وقت پر جناب مجدد مقابلے پر آ گئے اور انہوں نے طرح طرح کی صعوبتیں اور قید و بند کی مشقتیں اٹھا کر مسلمانوں کو برگشتگی سے بچا لیا۔ ورنہ اکبر کے ملحدانہ خیالات کا سہارا لے کر ہندو تو چاہتے ہی یہی تھے کہ وہ کسی نہ کسی طرح مسلمانوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔

دراصل ہندوؤں نے جہاں تک ظلم و تعدی سے ہو سکا اس سے کام لے کر ہندوستان کی ان قوموں کو اسلام سے پھیرنے کی بھرپور کوشش کی جو بزرگان دین کی ستودہ صفات اور اسلام کی پاکیزہ تعلیمات کے زیر اثر اسلام قبول کر چکی تھیں اور جہاں بس نہ چلا وہاں اسلام کو ضعف پہنچانے کے لئے انہوں نے بھی اسی پالیسی کو اختیار کیا جیسے ان سے کہیں پہلے وہ یہی اختیار کر چکے تھے جو صرف ہنگامی حالات کے تحت مسلمان ہو گئے تھے مگر دل سے اسلام کی بھلائی نہیں چاہتے تھے بلکہ اندر ہی اندر اسلام کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں لگے رہے چنانچہ اسی پالیسی کے تحت ہردے رام ایک ہندو نے جناب مجدد کی خدمت میں دو خط لکھے تھے جس میں اس نے صوفیائے اسلام سے اپنی دلی

Marfat.com

محبت کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ اصل میں رحمان اور رام ایک ہی ذات کے دو نام ہیں مگر جناب مجدّد ہر دو رام کے ان خطوں سے کسی خوش فہمی میں مبتلا ہونے کی بجائے فوراً اس کے خبث باطن کو تاڑ گئے۔ چنانچہ آپ نے اس کے خطوں کے جواب میں ایک نہایت تہدید آمیز خط ارسال کیا جس میں آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ " رام اور کرشن جو ہندوؤں کے معبود ہیں اللہ تعالٰے کی کمینہ مخلوقات میں سے ہیں۔ اور ماں باپ سے پیدا ہوئے۔ رام جسرتھ کا بیٹا تھا۔ لچھمن کا بھائی اور سیتا کا خاوند تھا۔ جب رام اپنی بیوی کو نگاہ نہ رکھ سکا تو پھر وہ دوسرے کی کیا مدد کر سکتا ہے عقل و دور اندیش سے کام لینا چاہیے اور ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی پر نہ چلنا چاہئے۔ بڑے شرم کی بات ہے کہ تمام عالمین کے پیدا کرنے والے کو رام یا کرشن کے نام سے یاد کیا جائے۔ رام و رحمان کو ایک جاننا سخت نادانی ہے۔ جو شخص رحمان، رام کو ایک ہی ذات کے دو نام خیال کرتا ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی شخص کسی عظیم الشان بادشاہ کو " کمینہ خاکروب" کے نام سے یاد کرلے۔

خالق کبھی مخلوق کے ساتھ ایک نہیں ہوتا۔ اور چوں بے چوں کے ساتھ متحد نہیں ہوتا۔" اس خط کے مضمون سے یہ بات قطعی واضح ہوگئی کہ جناب مجدّد کے زمانے میں اکبر کے ملحدانہ خیالات کی بدولت ہندوستان کے مسلمانوں کی حیثیت کیا تھی وہ کن احوال سے دوچار تھے اور کس دور سے گزر رہے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالٰے نے اپنے دین کی نصرت و حمایت کا سامان پیدا کیا اور اس الحاد و زندقہ سے مسلمانوں کو بچانے کے اپنے ایک بندے احمد سرہندی المعروف مجدّد الف ثانی کو قوت حق اور استقامت دین عطا کرکے باطل کی قوتوں کے مقابلے میں کھڑا کر دیا۔

اسلام کے تصوّف پر ہندوستانی خیالات نے جس قدر گہرا اثر ڈالا تھا۔ اور اکبر کے ملحدانہ خیالات نے ہندوؤں کو جتنا بے باک اور اسلام کی دشمنی

Marfat.com

# نذرِ عقیدت

بحضرت شیخ الحدیث والتفسیر علامہ مولانا سید فرید الدین مفتی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ

(ابن مولانا الٰہی بخش ابن مولانا حافظ غلام رسول ابن مولانا احمد یار ابن مولانا و سیدنا خواجہ سلطان محمود خراسانی و البخاری رحمۃ اللہ علیہ۔ خواجہ حبر الامت مفتی مکہ رئیس المفسرین سیدنا عبد اللہ ابن عباس ابن عبد المطلب ابن ہاشم کی اولاد سے تھے)۔

نیازے داشتم در ہند با شیخے نکوکارے — فقیہے، عالمے، شیریں زبانے نغز گفتارے

فرید الدینؒ کہ در آئین پند و موعظت بودہ — تو گوئی در دیار خود فرید الدین عطارے

بہ تلقین طریقت - بوحنیفہؒ بزم خود دیدم — در استیصال بدعت دیدمش معروف پیکارے

نبودش مقصد دیگر بغیر مصلحت کوشی — بہر ذکرے، بہر فکرے، بہر گامے، بہر کارے

عقیدت کیش احسن ارتجالاً کردہ است انشا

بہ پاس خاطر فرزندزادش چند اشعارے

از :- ــــ مولانا سید منظور احسن عباسی ــــ

ــــ دہلوی سابق پروفیسر اردو، فارسی۔

ــــ دینی سنگھ کالج سنگرور ــــ

اللہ تعالیٰ مجھ کم علم و کم سواد کو میرے داد علامہ فرید الدینؒ مفتی اور نانا مولانا حافظ چراغ الدین مفتی (برادر اصغر علامہ فریدؒ) کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق

Marfat.com

عطا فرمائے شیخ المشائخ مولانا حمید الدینؒ ۔ مولانا شاہ گنج بخش قادری ۔ مولانا محمد مستقیم چشتی ملتانی مولانا شاہ محمد ۔ مولانا احمد یار ایبان خواجہ سلطان محمود رحمہم اللہ تعالےٰ اجمعین کی قبور پر اپنی رحمت کے پھول برسائے کہ جن کی تبلیغی کوششوں کی بدولت ایک دنیا اسلام کی برکتوں سے بہرہ اندوز ہوئی آخر میں اپنے والد محترم جناب، مولوی غلام محمد مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کرتا ہوں جن کی یہ دلی خواہش تھی کہ میں اسلام کی خدمت کو اپنا مقصد حیات بنا کر خاندان کی روایات کو قائم رکھنے کی سعادت حاصل کر دں۔

-: وما توفیقی الا باللہ :-

احقر العباد

سعدی سنگرودی

Marfat.com

# زندہ لوگوں کے لیے
# زندہ کتابیں

اُردو میں کم خرچ کاغذی کتابوں (پاکٹ بکس اور پیپر بکس) کا سب سے معیاری سلسلہ
جس کے انتخاب اور پیش کش میں مکتبۂ جدید کا جانا پہچانا سلیقہ اور وسیع تجربہ کارفرما ہے

"مغربی دُنیا میں انگریزی علم وادب کو عام کرنے میں 'پینگوئین' کی سستی کتابوں نے بہت حصّہ لیا ہے۔ ہمارے یہاں ماضی میں مُنشی نول کشور لکھنؤ نے بڑی حد تک یہ کام کیا ہے۔ آج پھر یہ موقع ہے کہ بدلے ہوئے حالات کے مطابق اُردو کے لیے کوئی یہی خدمت بجالائے۔ مکتبۂ جدید کی سستی کاغذی کتابیں اسی اہم منزل کی جانب قدم بڑھا رہی ہیں۔ ان کتابوں کی چھپائی اچھّی ہے اور گتّے کی جلد مضبوط اور نظر افروز ہے۔ ہر طرح سے توقّع ہے کہ ان کتابوں کا اُردو پڑھنے والے شاندار استقبال کریں گے۔"

(روزنامہ پاکستان ٹائمز، لاہور)

"ایک عرصے سے یہ شکایت ہو رہی ہے کہ ہمارے یہاں پڑھنے لکھنے کا شوق ختم ہو گیا ہے اور لوگوں کو علم وادب سے دلچسپی نہیں رہی۔ شاید اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ ناشرین پرانی لکیر کو پیٹتے چلے جاتے تھے۔ اب مکتبۂ جدید نے سستی کتابوں کا کاغذی سلسلہ شروع کر کے علمی وادبی دُنیا میں ایک نئے باب کا افتتاح کیا ہے۔ اب کوئی یہ شکایت نہیں کر سکتا کہ وہ مہنگائی کی وجہ سے کتابیں نہیں پڑھتا۔" (روزنامہ ڈان، کراچی)

"اُردو کتابوں کی غیر معمولی گرانی ایک ایسا مسئلہ ہے جو اکثر علم دوست اور مطالعے کے شائقین افراد کے لیے پریشانی کا باعث بنتا جا رہا ہے۔ پھر اچھّی کتابوں کی تعداد کم اور قیمت اکثر زیادہ ہوتی ہے۔ اب مکتبۂ جدید نے انگریزی کتابوں کی طرح اردو میں بھی سستی اور معیاری کتابوں کی اشاعت کا بیڑا اُٹھایا ہے اور وہ اس میں بہت کامیاب ہے۔"

(روزنامہ نوائے وقت، لاہور)

Marfat.com

# خانۂ کعبہ

## محمد طاہر الکردی

ترجمہ : عبدالصمد صارم ۱۶٫۷۵

اِس مختصر لیکن نہایت اہم کتاب میں خانۂ کعبہ کی تعمیر، اُس کے حدود اور اضافوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ پھر اُس کے برگزیدہ معمار حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے حالات دیے گئے ہیں خانۂ کعبہ کی تاریخ پیش کی گئی ہے اور فضائل کعبہ کی بحث درج کی گئی ہے تاکہ زائرین اور قارئین کے لیے مزید سہولت کا باعث ہو ۔۔۔۔ اس موضوع پر اس نوعیت کی یہ پہلی کتاب ہے جو خانۂ کعبہ سے متعلق ہر معاملے پر اتنی جامع معلومات کی حامل ہو۔

# محمد رسول اللہ

## توفیق الحکیم

ترجمہ وتہذیب : عطیہ افتخار اعظمی

۵٫۰۰

"عطیہ خلیل عرب (عطیہ افتخار اعظمی) نے جدید مصری ادیب و مؤرخ توفیق الحکیم کی مشہور کتاب "محمدؐ" کا ترجمہ کرنے میں نہ صرف اصل کتاب کی تصنیفی خصوصیات کو قائم رکھا ہے، بلکہ اپنے حواشی و استدراکات سے، جن کا اضافہ تاریخی حیثیت سے ضروری تھا اس کو بالکل نئی صورت دے دی ہے۔" (علامہ نیاز فتح پوری)

"میرے نزدیک اس کتاب کا مطالعہ جوانوں کے لیے خصوصاً اور عوام کے لیے عموماً بہت مفید ہوگا اور مکالمے کے انداز کو وہ زیادہ دلچسپ پائیں گے۔" (مولانا ابوالاعلیٰ مودودی)

Marfat.com

# کرنیں، شگوفے، پچھتاوے، مدّوجزر

## شفیق الرّحمان

چار صحت مند اور حسین مجموعے

"سارے نئے ادب میں لے دے کے ایک شفیق الرحمان صاحب ہیں جنھوں نے تفریحی ادب کی طرف توجّہ کی ہے۔ یہ شگفتگی، یہ لاابالی پن، یہ مچلتی ہوئی جگمگاہٹ بس انہی کا حصّہ ہے"

(محمّد حسن عسکری)

"شفیق الرحمان کے افسانے پڑھ کر شوخ رنگوں کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ سُرخ سُرخ، نارنجی، یا قوتی، زعفرانی۔"

(کرشن چندر)

"شفیق الرحمان موجودہ دور میں شگفتہ اور صحت مند ادب کا بانی ہے۔" (ادبِ لطیف)

"شفیق الرحمان محض مزاح نگار نہیں ہیں۔ وہ زندگی کی پُرسوزی سے بھی اتنے ہی قریب ہیں جتنے اس کے طربیہ پہلوؤں سے۔ فرق صرف یہ ہے کہ زندگی کے جاں گداز غم نے ان کے بلند تخلیقی جذبات کو مضمحل نہیں کیا، بلکہ ان کی رومانی کہانیوں کو مزاح کی سنہری لہر نے عظیم تر بنا دیا ہے۔"

(سیّد احتشام حسین)

"شفیق الرحمان کی کہانیوں میں تکلّف اور پیچیدگیاں نہیں ہوتیں۔ ان کے رومانی اور شگفتہ افسانوں میں بے ساختگی اور روانی ہے"

(حجاب امتیاز علی)

| کرنیں | شگوفے | پچھتاوے | مدّوجزر |
|---|---|---|---|
| ۲٫۲۵ | ۲٫۲۵ | ۲٫۲۵ | ۱٫۷۵ |

Marfat.com

# شبنم ۳۶۰۰ گریز ۳۶۰۰

## عزیز احمد

(دو ناول)

عزیز احمد اردو کے سب سے مشہور اور ممتاز ناول نگار ہیں۔ اُن کے ناول نئے ادب میں کلاسیک کا درجہ رکھتے ہیں۔ عزیز احمد کو ناول کی تکنیک پر قابلِ رشک عبور حاصل ہے اور وہ کرداروں کی تشکیل اس چابک دستی سے کرتے ہیں کہ پڑھنے والوں کو وہ جیتے جاگتے محسوس ہونے لگتے ہیں۔

**شبنم** ایک ایسی لڑکی کی کہانی ہے جس نے عشق کیا ہے لیکن جس کے کردار کے گرد ماحول نے عجیب و غریب افسانے بُن رکھے ہیں حُسن، عشق اور موت — اس ازلی مثلث کے تمام زاویے عزیز احمد نے بڑی مہارت سے اپنے اس بلند پایہ اور دلچسپ ناول پر ناپ ناپ کر دکھائے ہیں۔

**گریز** دو بڑے اعظموں کی پامال اور فرسودہ تہذیب کی داستان ہے۔ ایسی تہذیب جس کی بُنیادیں تصنع، بناوٹ اور ریاکاری پر رکھی گئی ہیں گریز کا ہیرو مستقبل کا انسان ہے جس کی آنکھیں نہ مشرق کو دیکھتی ہیں نہ مغرب کو بلکہ اس نئے افق پر مرکوز ہیں جہاں صبحِ کاذب کے دھندلکے کے سوا کچھ نظر نہیں آتا

# ایک محبّت سو افسانے

زندہ کتابیں ۲۶۷۵
مجلد اڈیشن ۵۶۰۰

## اشفاق احمد

"اشفاق احمد اُردو افسانے کے سجیلے دولھا ہیں۔ انھیں محبّت کے ایک ایک زاویے کی خبر ہے اور وہ ان خبروں کو ایسے پیارے پیارے میٹھے اور رسیلے انداز میں پیش کرتے ہیں کہ ان کے افسانے سعادت حسن منٹو کے بقول برفی کی ننھی منّی ڈلیاں محسوس ہوتے ہیں۔"

Marfat.com

# مادام بوواری

۴۰۰،

## گستاؤ فلوبیئر

(ناول)

ترجمہ: محمد حسن عسکری

یہ ایک ایسی عورت کی بدکاریوں اور خود فراموشیوں کی داستان ہے جو عشق اور عیش و طرب کی تلاش میں، اپنے رومانی خوابوں کی تعبیر کی تلاش میں اپنے خاوند، اپنی بیٹی، اپنے گھر بار، اپنی عزتِ نفس — ہر چیز کو اپنے محبوب عاشقوں پر اس طرح نچھاور کر دیتی ہے جیسے وہ بھی اس کے گرما گرم والہانہ بوسے ہیں یا اس کی بے تاب آغوشِ محبت، لیکن جیسے آخر کار یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر چیز سر تا سر جھوٹ ہے، ہر مسکراہٹ کے پیچھے اکتاہٹ کی جمائیاں چھپی ہیں، ہر مسرت ایک لعنت ہے، ہر لذت میں سیری ہے اور شیریں سے شیریں بوسے ہونٹوں پر کسی اور بھی بڑی مسرت کی کبھی پوری نہ ہونے والی آرزو چھوڑ جاتے ہیں۔

"جب یہ کتاب آج سے سو سال پہلے شائع ہوئی تو اس پر فحاشی کے سلسلے میں مقدمہ چلا، لیکن دنیائے ادب کی خوش قسمتی سے یہ کوشش رائیگاں گئی ورنہ آج ہم ایک عظیم تخلیق سے محروم ہوتے۔"

(ماہنامہ ادب لطیف لاہور)

# سرخ و سیاہ

(ایک جلد میں مکمل)

۷۰۰،

## ستاں دال

(ناول)

ترجمہ: محمد حسن عسکری

"یہ عظیم ناول ایک جوان پادری کے عشقیہ کارناموں کے روپ میں دورِ حاضر کے انسان کے دل و دماغ کا منہ بولتا آئینہ ہے۔ سرخ و سیاہ کا شمار دنیا کے بہترین ناولوں میں ہوتا ہے۔"

(سمرسٹ ماہم)

Marfat.com

# بُوڑھا اور سمندر

۱۶۵۰

ارنسٹ ہیمنگوے (ناول) ترجمہ: بشیر ساجد

اس ناول کا ہیرو ایک بڈھا مچھیرا ہے جسے کئی ہفتوں سے شکار نہیں ملا۔ آخر وُہ گہرے سمندر میں جا نکلتا ہے اور ایک دیو پیکر مچھلی اُس کے کانٹے میں پھنس جاتی ہے پھر کئی دن رات انسان اور فطرت کے درمیان وُہ کش مکش بپا رہتی ہے جس نے اس ناول کو انسانی زندگی اور اُس کے مقدّرہ کا طویل استعارہ بنا دیا ہے۔

انسان اور فطرت، انسان اور مقدّر کی اس کش مکش میں جیت کس کی ہوتی ہے؟ — یہی وہ ازلی و ابدی سوال ہے جس کا درد بھرا جواب یہ نوبل انعام یافتہ ناول پیش کرتا ہے۔

# بُڈّھا گوریو

۳۶۵۰

بالزاک (ناول) ترجمہ: سیدہ نسیم ہمدانی

بُڈھا گوریو اپنی شوقین مزاج بیٹیوں پر جان چھڑکتا تھا۔ اُس کی بیٹیاں شوہروں کو چھوڑ دیں، اپنے عاشقوں کے ساتھ رنگ رلیاں منائیں، گوریو کی پائی پائی اُڑا دیں بس اُنہی کی خُوشی میں گوریو کی خُوشی تھی۔ اُسے تو اُن کے عاشقوں سے خُود بھی لگاؤ پیدا ہو جاتا تھا اور اس خیال سے اُسے راحت ملتی تھی کہ اس کی کوششوں کے نتیجے میں یہ محبّت کرنے والے یکجا ہو جاتے تھے۔ اُس کی بے غرض محبّت میں ایک طرح کی عظمت پیدا ہو گئی تھی۔ اُس کی دِل چسپ داستان بڑے گہرے سوال اُٹھاتی ہے کہ کیا بے غرض محبّت ہلاکت کا دُوسرا نام ہے، کیا عظیم شخصیت کا انجام ہمیشہ المناک ہوتا ہے، کیا رُوحانی بلندی مضحکہ خیز بھی ہو سکتی ہے، انسانی زندگی طربیہ ہے یا المیہ؟

Marfat.com

# زندگی کا راستہ    کامیابی کا راستہ

۲۶۲۵    ۳۶۰۰

## ڈاکٹر بوس ٹیس چیسر

ترجمہ: میاں عبدالرشید

**زندگی کا راستہ** نوجوانوں کی رفاقت کے لیے لکھی گئی ہے تاکہ وہ ارد گرد پھیلی ہوئی اس صد رنگ و سنگین دُنیا سے مُطابقت پیدا کرسکیں۔ اس میں دوستی، جنس، انفرادی اور سماجی مقاصد میں کھینچا تانی، زندگی کے مادی نظریے سے ماوراء کی ضرورت، والدین اور اساتذہ سے تعلقات اور مستقبل پر وضاحت، متانت اور اخلاص سے بحث کی گئی ہے۔

**کامیابی کا راستہ** اُن لوگوں کے لیے لکھی گئی ہے جنھیں طرزِ عمل اور انفرادی، ازدواجی، سماجی تعلقات کے بارے میں کسی تجربہ کار اور ہمدرد ماہرِ نفسیات کے مشوروں کی خواہش ہے۔ اس کا انداز سراسر عملی ہے۔ اس کا مطالعہ خوش اور کامیاب افراد اور معاشرے کی تعمیر میں حصّہ لے گا۔

# آدابِ زندگی

## محمد اقبال سلمان

۲۶۰۰

"زندگی بسر کرنے کا فن اس قابل ہے کہ اسے عمدہ فنون میں شمار کیا جائے۔ علم و ادب کی طرح اسے بھی انسانی فضائل میں سے ایک فضیلت سمجھنا چاہیے۔ یہ فن معاشرتی وسائل سے بہترین طور پر فائدہ اُٹھانے، زندگی کی بلند ترین مسرتوں سے لطف اندوز ہونے اور اس کے اعلیٰ مقاصد تک پہنچنے کا واحد ذریعہ ہے۔"

محمد اقبال سلمان کی یہ مشہور کتاب سموئیل سمائلز کے انھی الفاظ کی ترجمان ہے۔

Marfat.com

## جینے کا قرینہ ۳۶۰۰

آندرے موروا
ترجمہ: مختار صدیقی

"جینا انسان کے لیے سب سے اہم کام ہے۔ ہر کام کی طرح جینے کا قرینہ بھی ہمیں سیکھنا ہی چاہیے۔ آندرے موروا فرانس کے بہت ہی مشہور ادیب ہیں۔ تخلیقی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ زندگی بسر کرنے کے فن پر بھی اُن کی بڑی گہری نظر ہے۔ چنانچہ اس کتاب کو نہ صرف عوام بلکہ پڑھے لکھے باذوق حضرات بھی نہایت دلچسپی اور لطف سے پڑھ سکتے ہیں۔ اس کتاب کے مطالعے سے ہمیں وہی فیضان نصیب ہوتا ہے جو کسی مشفق و محترم بزرگ کی صحبت میں بیٹھ کر سیکھنے سے ہو سکتا ہے۔"

## اپنا راستہ خود بناؤ ۲۶۲۵

فائق کامران

اپنا راستہ خود بناؤ ایک ایسی کتاب ہے جو آپ کو کسی خشک مزاج اُستاد کی طرح اخلاقیات کا درس نہیں دیتی بلکہ ایک مخلص دوست کی طرح آپ کی مشکلات میں آپ کی رہنمائی کرتی ہے اور آپ کو خود اپنے پاؤں پر کھڑا کر کے آزادانہ عمل کا راستہ بتاتی ہے۔

## کیا آپ کاروبار کرتے ہیں؟

سیّد اعجاز حسین

۲۶۲۵

دُوسرے کاموں کے مقابلے میں کاروبار کی خوبی یہ ہے کہ اس میں ترقّی کی بہت گنجائش ہے ــــ لیکن آپ بہت سے ایسے لوگوں کو جانتے ہوں گے جو ایک عرصے سے کاروبار کر رہے ہیں پھر بھی حسبِ دلخواہ کامیابی حاصل نہیں کر سکے۔ نہ تو اُنھوں نے سرمایہ ہی اکٹھا کیا ہے نہ کسی خاص شعبے میں ناموری حاصل کی ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے کہ اُنھی کے بھائیوں، اُنھی کے ہمسایوں، اُنھی کے احباب نے اپنے کاروبار کے بل پر عزت بھی حاصل کی ہے اور امیر کبیر بھی بن گئے ہیں؟ یہ کتاب کاروباری کامیابی کا راستہ ہموار کرتی ہے۔

# روزمرّہ آداب (ایٹی کیٹ)

## الطاف فاطمہ

۲۶۰۰

روزمرّہ معاشرتی زندگی میں ایسے مواقع عام پیدا ہوتے ہیں کہ لوگوں کو لوگوں سے ملنا ملانا پڑتا ہے۔ یہ مواقع اس بات کا امتحان ہوتے ہیں کہ ہم کتنے مہذّب یا کتنے سوشل ہیں۔ یہ مستند اور جدید کتاب زندگی میں میل ملاپ کے ہر موقعے کے لیے صحیح ترین ہدایات کا ذخیرہ ہے۔ اس کی ہدایات پر عمل کرنے سے آپ ہر موقعے پر ماحول کی نگاہ میں پسندیدہ اور ہر دلعزیز ٹھہریں گے۔

الطاف فاطمہ اردو کی جانی پہچانی افسانہ نگار ہیں اور لاہور کے ایک کالج میں پڑھاتی ہیں۔ ان کی یہ کوشش ہماری گھریلو اور مجلسی زندگی کو بہتر اور خوشگوار بنانے میں نمایاں حصّہ لے گی۔

# اِمتحانوں کی تیاّری

## کولن ای۔ وڈلے

۱۶۵۰

بیشتر طلبہ یہ نہیں جانتے کہ مطالعہ کرنے اور یاد رکھنے کا کیا طریقہ ہے۔ وُہ یہ نہیں جانتے کہ کلاس میں اور گھر میں نوٹس کس طرح بنائیں۔ اُنھیں توجہ کو مرکوز کرنا نہیں آتا۔ اُنھیں پیچیدہ پیچیدہ عبارتوں کو حفظ کرنا نہیں آتا، اُنھیں یہ پتا نہیں ہوتا کہ کب پڑھنا چاہیے اور کب آرام کرنا چاہیے۔ انھیں کمرۂ امتحان اور زُبانی امتحانوں میں دماغ کو حاضر رکھنے کی عادت نہیں ہوتی۔ یہ کتاب یہ سب باتیں سکھاتی ہے۔

# تیغ ستم

## شفیع عقیل

۲/۰۰

(طنز و مزاح)

شفیع عقیل نے ہماری روزمرّہ کی زندگی کے مضحکہ خیز پہلوؤں کو اس نفاست سے بے نقاب کیا ہے کہ ہم ان پر ہنستے تو ہیں ہی، ساتھ ہی اپنے گریبان میں جھانکنے پر بھی مجبور ہو جاتے ہیں۔ ان تحریروں کی سِتم ظریفی یہی ہے کہ یہ دُوسروں کے بارے میں ہوتے ہُوئے بھی ہمارے بارے میں بہت کچھ نشتر کر جاتی ہیں۔

شفیع عقیل کراچی کے روزنامہ "جنگ" میں کام کرتے ہیں اور اُس میں "گردوپیش" کے عنوان سے کالم لکھتے ہیں۔ یہ مجمُوعہ اسی مقبول کالم کا اِنتخاب ہے۔

# رُستم و سُہراب

## آغا حشر

۱/۲۵

(ڈراما)

رُستم و سُہراب ایک پُرانی کہانی ہے، لیکن یہ آج کی کہانی بھی ہے۔ آج بھی دُنیا اور دُنیا کے لوگ اہلِ جوہر کی پامالی کے اسی طرح درپے ہیں، جس طرح پہلے تھے۔ آج بھی سیاست گر، رستموں کو ورغلا کر، سُہرابوں کو راہ سے ہٹانے میں مصرُوف ہیں۔ آج بھی انسان دُنیا کے دھندوں میں اپنی متاعِ حیات لُٹاتا چلا جاتا ہے۔ آغا حشر کے اس کھیل میں زبان و بیان کا چٹخارہ ہی نہیں دورِ حاضر کے ایک اہم موضُوع کے تار بھی ہلائے گئے ہیں۔

Marfat.com

# اقتصادی ترقی کا منظر و پس منظر

## جان کینتھ گالبریتھ

ترجمہ و تمہید: حنیف رامے

زندہ کتابیں: ۱٫۷۵ مجلد اڈیشن: ۴٫۰۰

ہمارے عوام، ہمارے اخبارات، ہماری حکومت ـــــ سب کا فیصلہ ہے کہ پاکستان کا معیارِ زندگی بلند ہونا چاہیے۔ معیارِ زندگی اسی طرح بلند ہو سکتا ہے کہ ہم اقتصادی ترقی کریں۔ اقتصادی ترقی کیسے ہوتی ہے، اس کے کیا اصول اور کیا طریقے ہیں؟ یہ وہ اہم سوال ہے جس سے یہ اہم کتاب بحث کرتی ہے۔ گالبریتھ نے اپنی اس آئینے کی طرح صاف بحث کو بہت مختصر اور بہت عام فہم انداز سے پیش کیا ہے۔ حنیف رامے نے ترجمے کا حق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اس بحث سے ملکی معاملات پر جو روشنی پڑتی ہے، اس پر تبصرہ بھی کیا ہے۔

# دس پیغمبرؑ

۲٫۵۰

## بشیر احمد سعدی

ہمارے ہاں قرآنِ حکیم کے ہوتے ہوئے بھی عوام الناس پیغمبروںؑ کے حالات سے قصص الانبیاءؑ جیسی بے سر و پا کتابوں ہی کے ذریعے واقف ہیں۔ اس کتاب میں یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ اللہ کے برگزیدہ نبیوں کے وہی حالات درج کیے جائیں جن کی صداقت پر قرآن کی مہر لگی ہو۔ اس مستند کتاب میں حضرت نوحؑ، حضرت ہودؑ، حضرت شعیبؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت یونسؑ، حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت سلیمانؑ، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مثالی سوانح پیش کیے گئے ہیں۔

Marfat.com

# پیار کی دیوی

۲۶۷۵

## پیئر لوئی

ایک وقت تھا کہ حسن آزاد تھا اور عشق بے باک۔ اس وقت حسن اور عشق کا وصال ایک عبادت تھا۔

یہ کہانی اسی وقت سے تعلق رکھتی ہے۔ فرانس کے نامور مصنف: پیئر لوئی نے ہمارے لیے اسی بھولے بسرے وقت کو تازہ کیا ہے جب انسان، پیار کی دیوی: ایفرودت، کے مہربان سائے میں محبت کی تانیں اڑانے میں مگن تھا۔ حسن مجسم: کرائسس کے گرد بُنی ہوئی یہ رس اور رنگ بھری داستان ہمیں ہمارے سنگین اور سفاک ماحول سے اٹھا کر اپنی دنیا میں لے جاتی ہے:۔ وہ دنیا جو آرزوؤں کا ایک بے پایاں سمندر ہے، آرزوؤں کے ساتھ ساتھ چڑھتا اور اترتا سمندر۔

شاہد چشتی نے اس خوب صورت کتاب کا بہت خوب صورت ترجمہ کیا ہے۔ یہ کتاب زندگی کے حسن کو نکھارتی ہے اور عشق کے قیمتی جذبے کو سیراب کرتی ہے۔

# اُمّید پرست

(زیرِ طبع)

## والتیر

ترجمہ: بشیر ساجد

یہ فرانس کے عظیم طنز نگار والتیر کے شاہکار: کیندید، کا ترجمہ ہے۔ کیندید ایک ایسے جوان کی کہانی ہے جو دنیا میں اس سوال کے حل کی غرض سے نکلا ہے کہ نیکی کیا ہے اور بدی کیا ہے۔ انسانی زندگی کے والتیر نے جس چابک دستی سے لتّے لیے ہیں، وہ طنز نگاری کی معراج ہے۔

# ردر پریاگ کا آدم خور

## کرنل جم کاربٹ

ترجمہ: جاوید شاہین ۲۶۰۰

کرنل جم کاربٹ ہندوستان کے مشہور زین شکاری تھے اور شکار کی داستانیں لکھنے میں انھیں ایسا کمال حاصل تھا کہ انھیں انگریزی کا اعلیٰ درجے کا ادیب سمجھا جاتا ہے۔ اس کتاب میں ایک ایسے خوں خوار چیتے کی مسلسل کہانی پیش کی گئی ہے جو اپنی چالاکی اور ہیبت ناکی میں بڑے بڑے شیروں کو پیچھے چھوڑ گیا تھا۔ آٹھ سال تک اس چیتے نے پانچ سو مربع میل کے علاقے میں ایک تہلکہ مچائے رکھا اور کاربٹ کو اُسے مارنے میں دو سال محنت کرنی پڑی۔ آخر ستّر دن کے طویل تعاقب کے بعد یہ اُس کے ہاتھ چڑھا۔

یہ ایک ولولہ انگیز و حیرت افروز کتاب ہے۔

# شیر آیا! شیر آیا!

## کاربٹ، اینڈرسن اور دوسرے عظیم شکاری

۲۵۔۳

شیر کا شکار انسان کی شجاعت کو ہمیشہ سے للکارتا رہا ہے۔ دُنیا کے چند عظیم ترین شکاریوں کے منہ سے ان کے عظیم ترین شکاروں کی لرزہ خیز کہانیاں سُنیے۔ یہ کہانیاں اتنی دل چسپ ہیں کہ اچھے اچھے افسانوں کو مات کرتی ہیں جنگل کی دہشت اور انسانوں کی جرأت میں رچے بسے یہ قصّے آپ کے لہو کو گرم کریں گے؛ اُسے تازہ کریں گے۔

Marfat.com

# باز آؤ اور زندہ رہو

زندہ کتابیں ۳،۰۰
مجلد اڈیشن ۷،۰۰

## حنیف رامے

حنیف رامے کے نکتہ رس اور بے خطر قلم سے اُردو میں ایک نئی روایت کی بسم اللہ ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے اس روایت کی جڑیں افراد و ملت کے قلب و قالب میں تراز ہو گئیں۔ اداریے لکھنا کوئی نئی بات نہیں، لیکن ایسے اداریے جنم دینا، جو نظر کی صداقت اور فکر کی جرأت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوتے ہوئے دل کشی و دلچسپی سے بھی معمور ہوں حنیف رامے ہی سے خاص ہے۔ اس مجموعے میں ان کے سیکڑوں میں سے ۴۸ منتخب اداریے شامل ہیں جو افراد و ملت کو تخلیق جدید کی دعوت دیتے ہیں۔

# جہاں گردی کی واپسی (اوڈیسی)

(زیرِ طبع)

## ہومر

ترجمہ : محمد سلیم الرحمٰن

ہومر دنیا کا اوّلین بڑا شاعر تھا، جس کے مرتبے کو دانتے اور شیکسپیئر ہی پہنچتے ہیں۔ اوڈیسی اُس کا اتنا بڑا تخلیقی شاہکار ہے کہ صدیوں کے ہنگاموں نے اُس کی تازگی اور توانائی کا کچھ بھی نہیں بگاڑا۔ جہاں گردی کی یہ عظیم داستان آج بھی اسی طرح ولولہ آفریں ہے جس طرح یہ قدیم یونان کے جیالے جوانوں کے لیے تھی۔

# غزلیں

(زیرِ طبع)

## منیر نیازی

یہ اُردو کے اُس شاعر کی غزلیں ہیں، جس کی لَے میں ایسا آہنگ اور ایسا درد ہے گویا اس دَور کی ترجمانی کے لیے رُوحِ ازل نے اسی کو منتخب کیا ہے۔

Marfat.com

# بہترین شاعری، افسانے، مقالے، مباحثے

ادب کے انتخابات مُرتّب اور شائع کرنا کوئی ایسا نیا اقدام نہیں لیکن انتخابات اگر سلیقے سے کیے جائیں تو ان کی اہمیت سے بھی اِنکار نہیں کیا جا سکتا۔ انتخابات کے ذریعے جہاں ایک عام قاری کو ایک خاص عرصے میں شائع ہونے والی چیدہ چیدہ تحریریں یکجا مل جاتی ہیں، وہاں ادب کے سنجیدہ طالب علموں کے لیے ادب کے تازہ رُجحانات کا اندازہ کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے۔ برِعظیم پاک و ہند کی معرُوف ادبی تنظیم: حلقۂ اربابِ ذوق (لاہور) نے ۱۹۶۲ء کے اُردُو ادب کو چار عنوانات کے تحت مُنتخب کیا ہے:-

## (۱) ۱۹۶۲ء کی بہترین شاعری:

فیض احمد فیض، ن۔م۔راشد، فراق گورکھپوری، صوفی تبسّم، اختر الایمان، ناصر کاظمی، قیوم نظر، مجید امجد، منیر نیازی وغیرہ۔

## (۲) ۱۹۶۲ء کے بہترین افسانے:

عصمت، بیدی، احمد ندیم قاسمی، ممتاز شیریں، انتظار حسین، مشتاق احمد یوسفی، عبداللہ حسین وغیرہ۔

## (۳) ۱۹۶۲ء کے بہترین مقالے:

محمود شیرانی، محمد حسن عسکری، عابد علی عابد، شاہد احمد دہلوی، مظفر علی سیّد، حنیف رامے، ریاض احمد، علی عبّاس جلال پوری وغیرہ۔

## (۴) کچھ نو کہیے (اہم ادبی بحثیں):

آج کا طرزِ احساس، ادب میں ہم عصری، اُردو شعری تجربہ اور نیا علمی شعور، اسلام اور ناستالجیا وغیرہ

شاعری ۱،۶۵۰ افسانے ۳،۶۰۰ مقالے ۱،۶۵۰ بحثیں ۱،۶۰۰

(اُمید ہے، یہ انتخابات ہر سال مُرتّب اور شائع ہوتے رہیں گے)

Marfat.com

# عنقریب آنے والی زندہ کتابیں

| | | |
|---|---|---|
| جہاں گردی کی واپسی | ہومر | (ادبِ عالیہ) |
| دس سخمیٹہ | بشیر احمد سعدی | (سوانح) |
| غزلیں | مُنیر نیازی | (شاعری) |
| اپنی نگریا | ممتاز شیریں | (افسانے) |
| ایسی بلندی ایسی پستی | عزیز احمد | (ناول) |

# کچھ دیر بعد شائع ہونے والی زندہ کتابیں

| | | |
|---|---|---|
| خوشی بھی، انسان بھی | بیرین وُولف | (نفسیات) |
| دُنیا کے بڑے بڑے شہر | انتخاب | (سیر و سیاحت) |
| گُڈّی کی گزک | انتظار حسین | (مضامین) |
| سائنسی کہانیاں | مرتبہ: محمد سلیم الرحمن | (افسانے) |
| بین الاقوامی معلومات | مرتبہ: رہبر | (عام) |
| سیاسیات کی اب ج | ہیرلڈ لاسکی | (سیاسیات) |
| نفسیات سب کے لیے | محمد اقبال سلمان | (نفسیات) |
| مہدی سُوڈانی | حبیب اشعر | (سوانح) |
| تنقید کی ضرورت | مظفر علی سیّد | (تنقید) |
| بہترین ہسپانوی افسانے | ترجمہ: رحیم | (کہانیاں) |
| کھویا ہُوا اُفق | محمد خالد اختر | (مضامین) |
| اُمّید پرست (کینڈیڈ) | والٹیئر | (ناول) |
| آزاد شیرنی | جوئے ایڈمسن | (کہانی) |
| ربیقہ | ڈمورییر | (ناول) |

مکتبۂ جدید
انار کلی، لاہور

Marfat.com